★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | منگل 5 شعبان المعظم 1446ھ، 4 فروری 2025ء، 22 ماگھ 2081ب | 12 صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 105

8 فروری کا احتجاج روکنے کیلئے حکومت کی پی ٹی آئی سے بیک ڈور رابطوں کا انکشاف

حکومت فروری میں چار بین الاقوامی میگا ایونٹس کے موقع پر سیاسی استحکام برقرار رکھنا چاہتی ہے، حکومت نے پی ٹی آئی کو مذاکرات کی بحالی کے ضمن میں پیشگی کے طور پر اہم پیشکش بھی کر دی ہے، ذرائع

حکومت کی طرف سے پی ٹی آئی کو کسی ایک جگہ پر جلسہ جلوس کرنے کی اجازت دینے کی پیشکش کی گئی ہے، تاہم پی ٹی آئی حکومتی رابطوں اور پیشکش پر خاموش ہے اور اس نے ابھی تک کوئی جواب نہیں دیا: ذرائع

لاہور (ویب ڈیسک) حکومت 8 فروری کو پی ٹی آئی کا احتجاج روکنے کے لیے متحرک ہوگئی، اپوزیشن کے سامنے مختلف آپشن رکھ دیے۔ ذرائع کے مطابق 8 فروری کے احتجاج کو روکنے کے ضمن میں پیشگی کے طور پر اہم پیشکش بھی کر دی ہے۔ حکومت کی طرف سے پی ٹی آئی کو کسی ایک جگہ پر جلسہ جلوس کرنے کی اجازت دینے کی پیشکش کی گئی ہے۔ حکومت نے پی ٹی آئی کی اعلیٰ قیادت سے بیک ڈور رابطوں کا انکشاف ہوا ہے، حکومت نے پی ٹی آئی کو مذاکرات کی بحالی کرانے کی پیشکش کی ہے، اسٹیئرنگ کمیٹی کے اراکین شیر افضل مروت اور بیرسٹر گوہر علی خان سے ملاقات کریں گے، ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت کی طرف سے پی ٹی آئی کو 8 فروری کو کھلے گیراحتجاج کی بجائے کسی ایک جگہ پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

مریم نواز کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے کچھ لوگ خوفزدہ ہیں: عظمیٰ بخاری

پنجاب کی نامزد سی ایم مریم نواز پہلی وزیراعلیٰ ہیں جنہوں نے ایک سال میں 80 سے زیادہ منصوبے شروع کیے

جب آپ مسلسل اقتدار میں رہنے کے بعد بھی ڈیلور نہیں کریں گے تو لوگ سوال کرنے والی وزیراعلیٰ کو ہی پسند کریں گے

لاہور (سعید فیاض) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کی تاریخ میں مریم نواز پہلی وزیراعلیٰ ہیں جنہوں نے ایک سال میں 80 سے زیادہ منصوبے شروع کیے۔ مریم نواز کی حکومت 50 سے

وزیراعظم کا سی ایم ایچ کوئٹہ کا دورہ، قلات دھشتگردی واقعے میں زخمی جوانوں کی عیادت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے سی ایم ایچ کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے قلات دہشت گردی واقعے میں زخمی کیسوری ڈی فورسز کے جوانوں کی عیادت کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

پیکا ایکٹ کا مقصد سوشل میڈیا کے خطرات کا تدارک کرنا ہے، وزیر اطلاعات

صحافت کی آڑ میں سوشل میڈیا پر مادر پدر آزادی نہیں چھوڑا جا سکتا، کرپشن نے اداروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، سخت اقدامات اٹھانا پڑے

صحافیوں کو درپیش مسائل کا حل اولین ترجیح ہے، اے پی پی ایمپلائز یونین پنجاب کے عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے بحیثیت مہمان خصوصی خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ میڈیا کو مادر پدر آزاد نہیں چھوڑا جا سکتا، کرپشن نے اداروں کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا، وزارت اطلاعات کے ماتحت اداروں کو صاف ستھرا بنانے کیلئے پیکا ایکٹ کا مقصد فیک نیوز کا خاتمہ اور سوشل میڈیا کے خطرات کا تدارک کرنا ہے، صحافت کی آڑ میں سوشل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

کیا ٹھاکہ کرنے والے عام شہریوں میں کوئی فرق نہیں، جسٹس حسن اظہر رضوی

سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ کو عائد کردہ 20 ہزار روپے جرمانہ واپس، سولین کے ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل کی سماعت میں جسٹس جواد ایس خواجہ کے وکیل نے دلائل مکمل کر لیے

21 ویں ترمیم ختم ہونے کے بعد موجودہ کیسز میں کورٹ مارشل کیسے ہوگیا؟ کیا احتجاج کرنا جرم ہے؟ جسٹس مسرت ہلالی کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے 7 رکنی آئینی بینچ نے سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ پر عائد کردہ 20 ہزار روپے جرمانہ واپس کرنے کا حکم دیا ہے۔ سپریم کورٹ نے 7 ملٹری ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل کی سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

جسٹس جواد ایس خواجہ نے عائد کردہ 20 ہزار روپے جرمانہ واپس کرنے کا حکم دیا ہے۔ سویلین کے ملٹری ٹرائل کے خلاف 21 ویں ترمیم ختم ہونے کے بعد موجودہ کیسز میں کورٹ مارشل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

دہشت گرد بلوچستان کے امن، ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، وزیر اعظم

پوری قوم اپنے شہدا اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے قلات میں پرسوں انتہائی اندوہناک واقعہ ہوا، جس میں 18 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا ، 23 خوارج جہنم رسید ہوئے، بیان

پاکستان میں دہشت گردی کی جو نئی لہر آئی ہے اس کے خاتمے کے لیے اپنے خون کا نذرانہ پیش کرنے جوانوں اور غازیوں کو پوری قوم سلام پیش کرتی ہے اور ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتی ہے: وزیراعظم

صدر مملکت چین کے 4 روزہ دورے پر (آج) روانہ ہوں گے

چینی صدر سے ملاقات کریں گے، سی پیک فیز 2 سمیت دیگر باہمی امور پر مشاورت ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری (آج) منگل کو چار روزہ دورے پر چین روانہ ہوں گے۔ صدر کے دورہ چین کے دوران دونوں ممالک کے درمیان کئی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط متوقع ہیں۔ صدر کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہوگا۔ اعلیٰ سطحی وفد میں بلاول بھٹو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

کے ساتھ اہم ملاقاتیں بھی شیڈول ہیں۔ صدر آصف علی زرداری 4 سے 8 فروری تک چین کا سرکاری دورہ کریں گے۔ صدر کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا وفد بھی ہوگا۔ اعلیٰ



لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مختلف اضلاع کے ارکان اسمبلی ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا اعلان کردہ ایک اور منصوبہ مکمل کر دیا گیا

پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کی جانب سے ویمن پاسٹل 8ہ ماہ میں تعمیر کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا اعلان کردہ ایک اور منصوبہ مکمل کر دیا گیا، پنجاب سیف سٹی اتھارٹی نے ویمن پاسٹل 8ہ ماہ میں تعمیر کر دیا، صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک سہیب احمد بھرتھ نے بتایا کہ 3 منزلہ ویمن ہوسٹل پر تعمیراتی کام 8ہ ماہ میں شروع کیا گیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ نائب صدر پیپلز پارٹی پنجاب ندیم افضل چن اور ہیلتھ ورکرز کے وفد کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو



کوئٹہ: وزیراعظم شہباز شریف بلوچستان میں سیکیورٹی کی صورتحال بارے میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں



صورتحال سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ کے والٹن روڈ کی تکمیل کیلئے 7 فروری کی ڈیڈ لائن دیدی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ نے والٹن روڈ کی تکمیل کے لئے 7 فروری کی ڈیڈ لائن دے دی، تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور دیگر اراکین اسمبلی ایوان کی تزئین و آرائش کے بعد کا جائزہ لے رہے ہیں

آپ میری طاقت اور عزت ہیں، نواز شریف کی اراکین پنجاب اسمبلی سے گفتگو

عوام کی مشکلات میں کمی آ رہی ہے، مریم نواز شریف کی محنت سے پنجاب میں بہتری نظر آ رہی ہے: صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (سعید فیاض) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے راولپنڈی، اٹک، میانوالی، چکوال، وزیر آباد، خانقاہ ڈوگراں اور منڈی بہاالدین سے منتخب نئے پنجاب اسمبلی کے ارکان نے ملاقات کی۔ پارٹی کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



لاہور: اسپیکر ملک محمد احمد خان، پنجاب اسمبلی میں اجلاس کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

اسپیکر صوبائی وزیر اطلاعات (آج) پنجاب اسمبلی کے نئے میڈیا ہال کا افتتاح کریں گے

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان اور صوبائی وزیر اطلاعات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

9 مئی مقدمات: پی ٹی آئی رہنما زاج گل اور خیال احمد کاستو پر فرد جرم عائد

لیول اپ: (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما زاج گل اور سابق صوبائی وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)



لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ نائب صدر پیپلز پارٹی پنجاب ندیم افضل چن اور چودھری ریاض الحق پارٹی عہدیداران کے وفد کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

مراکش کشتی حادثہ، ہرزون کیلئے ایف آئی اے کی تین رکنی تشکیل

ایف آئی اے نے تحقیقاتی ٹیمیں آرگنائزر کمیٹی کی سفارشات پر ترتیب دیں، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) مراکش کشتی حادثہ کی تحقیقات میں پیش رفت سامنے آئی ہے، ایف آئی اے نے ہرزون کیلئے مختلف تعلیمی تحقیل دے کر انچارج کے خلاف کارروائی کی ہدایات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین نئے ججز نے سماعت کا آغاز کر دیا

ججز ٹرانسفر کے معاملے پر وکلا احتجاج کی وجہ سے پیش نہیں ہوئے، جسٹس محسن اختر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں تین نئے جسٹس مرزاد ذوگر، جسٹس خادم حسین سہرو اور جسٹس محمد آصف نے سماعت کا آغاز کر دیا۔ پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

پنجاب اسمبلی پہلی ایشیا اور جنوبی مشرقی ایشیا ریجنل پی ڈی اے کانفرنس

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا اسمبلی کا دورہ، کانفرنس کی تیاریوں اور سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ

پی پی اے کانفرنس پاکستان کے پارلیمانی تشخص اور عالمی پارلیمانی تعاون کو فروغ دینے کا سنہری موقع ہے، سپیکر ملک محمد احمد خان

لاہور (خبر نگار) پنجاب اسمبلی تاریخ میں پہلی بار دولت مشترکہ کی پارلیمانی تنظیم (سی پی اے) کی ایشیا اور جنوب مشرقی ایشیا کی ریجنل کانفرنس کی میزبانی کرنے جا رہی ہے، جو 6 سے 8 فروری 2025ء تک لاہور میں منعقد ہوگی۔ اس میں 20 انٹرنیشنل ایونٹ میں 20 ممالک کی 100 سے زائد پارلیمانی شخصیات شرکت کریں گی، جن میں 13 سپیکرز، 34 ڈپٹی سپیکرز اور ایک چیئرمین شامل ہوں گے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کانفرنس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

پاکستان تحریک انصاف کا انٹرا پارٹی کیس کی سماعت 11 فروری کو مقرر

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی کیس سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

قومی مسائل حل کرنے کے لیے اجتماعی سوچ کی ضرورت ہے، سابق چیف جسٹس

سرگودھا (این این آئی) سابق چیف جسٹس ہائی کورٹ جسٹس محمد انوار الحق (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

خیبر پختونخوا: 65 لاکھ بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائے جائینگے، مہم شروع

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں رواں سال کی پہلی انسداد پولیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



اسلام آباد: مولانا فضل الرحمٰن کا پارلیمنٹری رپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد میں صحافیوں سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

حکومت ہوش کے ناخن لے، ملک کو کھوکھلا کر دیا ہے، عمر ایوب

حکومت کے ہاتھ میں قومی کچھ نہیں کہ ہماری باہمی کے سطح ماحول میں بات کر واسطے، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ حکومت ہوش کے ناخن لے، ملک کس طرف جا رہا ہے، حکومت نے ملک کو کھوکھلا کر دیا ہے۔ یہ کیا انداز دہشت گردی کی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ سے پی پی ایمپلائز یونین پنجاب کے عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

سرکاری اسکیم کے حج واجبات کی تیسری قسط کی ادائیگی کی تاریخوں کا اعلان

سرکاری حج اسکیم میں واجبات کی ادائیگی 6 تا 14 فروری تک کی جاسکتی ہے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے حج 2025ء کیلئے سرکاری اسکیم کے واجبات کی تیسری قسط کی ادائیگی کی تاریخوں کا اعلان کر دیا۔ وزارت مذہبی امور و بین الصوبائی ہم آہنگی نے جاری بیان میں بتایا ہے کہ سرکاری حج اسکیم میں واجبات کی تیسری قسط 6 تا 14 فروری تک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

مقتدر قوتوں کے لیے آئین و قانون موم کی ناک ہے، مولانا فضل الرحمٰن

سیاست اور صحافت ہمیشہ ایک دوسرے سے وابستہ رہے ہیں، پارلیمان کے اندر ارکان اور صحافیوں کے تعلق کا بھی ادراک و احترام ہے

پکا قانون پر اپنے موقف کو ہر اؤں گا، حکومت عوام کی منتخب کردہ نہیں ہے یہ اسٹیبلشمنٹ کے اشاروں پر چلتی ہے، سربراہ جے یو آئی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان پکا قانون پر تحفظات کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقتدر قوتوں کے لیے آئین اور قانون موم کی ناک ہے جس طرف چاہیں موڑ دیں، لگتا ہے کوئی ڈیل ہوا ہے اور نہ جسمی ملی پر متفق ہو گئے۔ سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان نے پارلیمنٹ ہاؤس میں پی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جج ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے جج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

سپریم کورٹ بار نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں جج ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ بار نے اسلام آباد ہائیکورٹ میں جج ٹرانسفر کو خوش آئند قرار دے دیا۔ سپریم کورٹ بار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

خیبر پختونخوا میں پولیو ٹیم پر فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

خیبر (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر کے علاقے لکڑ ہاڑ میں انسداد پولیو ٹیم پر فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

جرمن قونصل خانے کے زیر اہتمام جرمن ونٹر فائٹ کا انعقاد

کراچی (این این آئی) جرمن قونصل خانے کے زیر اہتمام جرمن ونٹر فائٹ کا انعقاد کیا گیا، مارشل میں بہزر مند خواتین نے ہاتھ سے تیار کی ہوئی نئی اشیا متعارف کرائیں۔ جرمن قونصل خانے میں موسم سرما کا میلہ سجایا گیا، جس میں دیگر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی صدارت میں سندھ کابینہ کا اجلاس وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہو رہا ہے

کہا گیا زرعی ٹیکس آ گیا تو آئی ایم ایف ٹیم نہیں آئیگی، مراد علی شاہ

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کرپشن کا گڑھ ہے، ایف بی آر سے ٹیکسوں کا اپنا ہدف پورا نہیں ہو رہا، وزیراعلیٰ سندھ

کچھ لوگوں کا ماننا ہے کہ زرعی ٹیکس لگانا ہمارا مطالبہ تھا، ایف بی آر اپنے ریونیو کے ہدف کے حصول میں ناکام رہا، بیان

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کرپشن کا گڑھ ہے، ایف بی آر سے ٹیکسوں کا اپنا ہدف پورا نہیں ہو رہا، ایف بی آر اپنے ریونیو کے ہدف کے حصول میں ناکام رہا، بیان دیں۔ سندھ اسمبلی میں زرعی ٹیکس بل کی منظوری سے قبل شاہ نے کہا کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کا کہنا ہے کہ زرعی ٹیکس لگنا ہمارا مطالبہ تھا، ایف بی آر نے ٹیکسوں کا اپنا ہدف پورا نہیں ہو رہا، وزیراعلیٰ سندھ خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاق کی جانب سے ٹیکس کا کیسز زرعی شعبہ کیس نہیں دیتا، ایف بی آر نے ایف ایف سے کہا کہ زراعت پر ٹیکس لگوا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

خوارج دھشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہونگے، اسپیکر

لیاز صادق کی ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیو کی ٹیم پر خوارج دھشتگردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیو کی ٹیم پر خوارج دھشتگردوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں امن کے قیام کی خاطر سیکیورٹی اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی خوارج دھشتگرد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

کُرم میں جرگے کے ذریعے بڑے مسائل پر قابو پالیا گیا ہے، علی امین گنڈاپور

امن کی راہ میں روڑے اٹکانے والوں سے حکومت اپنی طاقت سے نمٹے گی، وزیراعلیٰ کے پی کے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا کہ کُرم میں جرگے کے ذریعے بڑے مسائل پر قابو پالیا گیا ہے، بی بی ڈی سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق تلگنگ سپوٹلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

محکمہ اوقاف کی تعمیراتی و ترقیاتی سکیموں کے جائزے کے لیے ایوانِ اوقاف میں اجلاس

سیکرٹری اوقاف نے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا جائزہ لیا، ڈائریکٹر پراجیکٹس نے بریفنگ دی

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا جائزہ کے لیے ایوانِ اوقاف میں منعقدہ اجلاس میں تعمیراتی و ترقیاتی سکیموں کی بروقت تکمیل اور معیار و رفتار کو بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پراجیکٹس انچارج اپنے اپنے پراجیکٹس کی ٹائم لائن کو ہمہ وقت پیش نظر رکھیں، تساہل اور کوتاہی برداشت نہ ہے۔ مزارات مقدسہ کی تعمیر و ترقی اور زائرین کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی اوّلین ترجیح ہے۔ تیسرے کوارٹر (31 مارچ) کے اہداف اور فزیکل و فنانشل پراگریس کو یقینی بنایا جائے۔ اوقاف کے مزارات و مساجد پر 18 تعمیراتی سکیمیں جاری ہیں، جس کا مقصد زائرین کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی ہے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو نے سالانہ ترقیاتی پروگرام اور دیگر تعمیراتی امور کے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف عامر علی چشتی اور ایکسین اوقاف رانا زوہیب سمیت شعبہ پراجیکٹس کے دیگر افسران و اہلکاران نے شرکت کی۔ سیکرٹری اوقاف نے مزید کہا کہ بہترین پلاننگ پر اسیس و جامع حکمت عملی سے ''ماڈل شرائنز'' کی تشکیل کا خواب شرمندہ تعبیر ہوگیا۔ حکومت پنجاب کے ویژن کی روشنی میں ترقیاتی کام مقررہ معیار اور میعاد میں پورے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ اوقاف درباروں کی تزئین آرائش کے ساتھ ریونیو کے حصول کیلئے کمرشل پراجیکٹس پر خصوصی توجہ دے رہا ہے۔





ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ٹولنٹن مارکیٹ میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی جی ایل ڈی اے کا فیروز پور کا دورہ، لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت واسا کی مختلف ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لیا

ڈی جی ایل ڈی اے نے کام کے معیار کو یقینی بنانے اور جاری ترقیاتی کاموں کو بلاتعطل جاری رکھنے کی ہدایت کی

شہریوں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت فیروز پور روڈ کا دورہ کیا، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے واسا کی مختلف ترقیاتی سکیموں کا جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گجومتہ اور قحبہ چوک پر جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم ڈی واسا غفران احمد، چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید ہمراہ تھے۔ ایم ڈی واسا نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واسا لاہور ڈویلپمنٹ پلان میں شامل اپنی سکیموں پر جاری ترقیاتی کاموں کی دن رات مانیٹرنگ کر رہا ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے سیوریج کے کاموں کا جائزہ لیا اور کام کے معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ہدایت کی کہ واسا لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کو بلاتعطل جاری رکھے۔ شہریوں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے



وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایت پر ٹولنٹن مارکیٹ کی اپ گریڈیشن کا کام جاری

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق ٹولنٹن مارکیٹ کی آؤٹ لک کو بہتر بنانے کے لیے یونیفارم سائنج اور فسادڈ میں بہتری لائی جارہی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق



لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر ٹولنٹن مارکیٹ کی اپ گریڈیشن کا کام جاری ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا ٹولنٹن مارکیٹ کا دورہ کیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ٹولنٹن مارکیٹ میں واسا اور ایل ڈی اے کی جانب سے جاری کاموں کا جائزہ لیا۔ واسا اور ایل ڈی اے ٹیموں نے ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کو جاری کاموں بارے بریفنگ دی۔ ٹولنٹن مارکیٹ میں پارکنگ ایریا کی ڈویلپمنٹ، تجاوزات کے خاتمے اور کنٹرولڈ انٹری ایگزٹ پر کام جاری ہے۔ مارکیٹ کی اپ گریڈیشن سے ٹولنٹن مارکیٹ سے گندگی کا خاتمہ ہوگا، مارکیٹ کا ورکنگ انوائرنمنٹ بہتر ہوگا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ ٹولنٹن مارکیٹ میں سیوریج سسٹم، ایگزاسٹ سسٹم اور ویسٹ ڈسپوزل سسٹم بنایا جارہا ہے۔ ٹولنٹن مارکیٹ کی آؤٹ لک کو بہتر بنانے کے لیے یونیفارم سائنج اور فسادڈ میں بہتری لائی جا رہی ہے۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ٹولنٹن مارکیٹ کی بیک سائیڈ پر باؤنڈری وال کی تعمیر اور دیگر کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے اپ گریڈیشن کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید، پراجیکٹ ڈائریکٹر، ڈائریکٹر آرکیٹیکٹ اور متعلقہ افسران موجود تھے۔

کمرشل فیس نادہندگان، غیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ایل ڈی اے کی خصوصی مہم جاری

مختلف سکیموں میں 58 املاک سربمہر کردیں: نجی سکول، ہسپتال، کلینک، ورکشاپ، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر سیل

غیر قانونی کمرشل عمارتوں/کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے

آپریشن چیف ٹاؤن پلانرون اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایات پر ایل ڈی اے ٹیموں کا غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر بھرپور آپریشن جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے گزشتہ روز مختلف علاقوں میں کارروائیاں کر کے 58 ملاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن، شادباغ، شاہ جمال میں کارروائیاں کیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے علامہ اقبال ٹاؤن، شادباغ، شاہ جمال میں آپریشن کر کے 58 املاک سربمہر کر دیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ریکوری آپریشن کے دوران علامہ اقبال ٹاؤن میں 33 املاک سربمہر کر دیں۔ ٹیموں نے کمرشل فیس کی عدم ادائیگی اور غیر قانونی کمرشل استعمال پر شاد باغ اور شاہ جمال میں 25 املاک سیل کر دیں۔ سیل کی گئی املاک میں نجی سکول، ہسپتال، کلینک، ورکشاپ، فوڈ پوائنٹ، دکانیں، دفاتر و دیگر شامل ہیں۔ آپریشن سے پہلے ان املاک کو متعدد نوٹسز دیئے گئے تھے۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانرون اسد الزمان کی زیر نگرانی کیا گیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی کمرشل عمارتوں، کمرشل فیس نادہندگان املاک کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں

رواں سال کی دوسری پولیو کا مہم کا باقاعدہ طور پر آغاز

خصوصی انسداد پولیو مہم 3 فروری تا 9 فروری جاری رہے گی، ڈی سی لاہور

لاہور (خبر نگار) رواں سال کی دوسری پولیو کا مہم کا آج سے باقاعدہ طور پر آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ خصوصی انسداد پولیو مہم 3 فروری تا 9 فروری جاری رہے گی، ڈی سی لاہور نے کہا کہ سات روزہ پولیو مہم میں پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 22 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جانے کا ہدف ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی افسران پولیو ورکرز کی فیلڈ میں سخت مانیٹرنگ کریں اور کوئی بچہ پولیو کے قطرے پیے بغیر نہ رہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ پولیو ورکرز کی فیلڈ میں سخت مانیٹرنگ کریں اور کوئی بچہ پولیو کے قطرے پیے بغیر نہ رہے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ والدین بھی پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ اپنے پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ پولیو کے دو قطرے آپ کے بچوں کی صحت کے ضامن ہیں۔



لاہور: ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کی پولیو ٹیموں سے ملاقات، پولیو صورتحال سے متعلق بریفنگ

لاہور (خبر نگار) رواں سال کی دوسری خصوصی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ڈی سی لاہور نے ٹیموں کا جائزہ لینے کے لئے فیلڈ میں متحرک رہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے پولیو ٹیموں سے ملاقات کی اور پولیو صورتحال سے متعلق بریفنگ لی۔ ڈی سی لاہور نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے ڈور ٹو ڈور پولیو کے دو قطروں کی اہمیت کے بارے میں آگاہی دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بچہ پولیو کے قطرے پیے بغیر نہ رہے اور مسڈ و ریفیوزل کیسز کی طرف خصوصی توجہ دی جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ پولیو مہم میں اہداف کا حصول ہر ممکن یقینی بنایا جائے اور ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ پولیو ورکرز پولیو مہم میں کام ڈیوٹی نہیں بلکہ قومی فریضہ سمجھ کر ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ والدین بھی پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ اپنے بچوں کو بہت بڑی محرومی کا شکار ہونے سے بچانے کے لئے پولیو کے دو قطرے لازمی پلائیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب کے کارڈیک پروگرام کو انشاء اللہ کامیاب بنائیں گے: سلمان رفیق

مریم نواز شریف صوبہ بھر کے کارڈیک ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں: صوبائی وزیر صحت



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کنیسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ لاہور کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں سپیشل سیکرٹریز ذیشان شبیر رانا اور طارق محمود رحمانی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد وسیم اور چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز پی آئی سی ڈاکٹر فرقد عالمگیر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، ہیلتھ ایڈوائزر ڈاکٹر اظہر محمود کیانی اور پروفیسر زبیر اکرم شامل تھے۔ اجلاس کے دوران نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سرگودھا اور نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کنیسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ لاہور کیلئے ایچ آر و دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز نے نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کنیسر کے حوالے سے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ بھر کے کارڈیک ہسپتالوں کی صلاحیت میں واضح بہتری لانا چاہتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کے کارڈیک پروگرام کو انشاء اللہ کامیاب بنائیں گے۔ کارڈیک ہسپتالوں میں ایچ آر کی کمی کو بھی ترجیحی بنیادوں پر پورا کر رہے ہیں۔ کارڈیو سکولر بیماریوں کا شکار مریضوں کو جدید علاج و معالجہ کی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ماہرین کی مختلف تجاویز کا بھی جائزہ لیا جا رہا ہے۔ وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کنیسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے 615 بستروں پر مشتمل پہلے فیز پر تیزی سے کام جاری ہے۔ یہ کینسر کیئر ہسپتال اپنی نوعیت کا منفرد ہسپتال ہوگا۔

لاہور پولیس نے اشتہاری و عادی مجرمان کیخلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن

ماہ جنوری میں 2 ہزار 800 سے زائد اشتہاری اور 1 ہزار سے زائد عادی مجرمان کو گرفتار کر لی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس نے اشتہاری و عادی مجرمان کیخلاف بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن کے دوران ماہ جنوری میں 2 ہزار 800 سے زائد اشتہاری اور 1 ہزار سے زائد عادی مجرمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کے مطابق کینٹ ڈویژن 648 سول لائنز میں 214، سٹی 440، اقبال ٹاؤن 553 اشتہاری، صدر 437 اور ماڈل ٹاؤن 568 اشتہاری، کینٹ ڈویژن 177، سول لائنز میں 105 عادی مجرمان، سٹی 300، اقبال ٹاؤن 257 عادی مجرمان جبکہ صدر 163 اور ماڈل ٹاؤن میں 140 عادی مجرمان گرفتار کئے گئے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کا کہنا ہے کہ سنگین جرائم میں مطلوب خطرناک اشتہاریوں کیخلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مطلوب مجرمان کی گرفتاری یقینی بنائی جارہی ہے، ان کا مزید کہنا ہے کہ موثر تفتیش سے مقدمات کو جلد مکمل کرتے ہوئے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں گی

لاہور: ڈی آئی جی آپریشن لاہور فیصل کامران کی موثر حکمت عملی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور: ڈی آئی جی آپریشن لاہور فیصل کامران کی موثر حکمت عملی،،، شہر میں سنگین نوعیت کی وارداتوں میں کمی ہونے لگی۔ لاہور شہر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف جرائم کی 260 وارداتیں رپورٹ۔۔ پولیس زرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں کے دوران چور شہر کے مختلف علاقوں میں 12 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 11 افراد سے لاکھوں روپے صدر ڈویژن سے 2 اور ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 3 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین لیے، چھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 11 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے اس کے علاوہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر بھر سے 23 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں، 4 ویگو ڈبہ، 2 موٹی چوری ہو گئے اور مختلف متفرق چوری کی 190 وارداتیں رپورٹ ہوئیں

انجمنِ ہلالِ احمر پنجاب کی جانب سے رضا کاروں کے لیے دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

اس تربیتی ورکشاپ میں مختلف جامعات کے 36 طلبہ و طالبات نے شرکت کی







لاہور (سٹاف رپورٹر) انجمنِ ہلالِ احمر پنجاب کے صوبائی دفتر میں یوتھ موبلائزیشن پروگرام کے تحت رضا کاروں کی دو روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیتی ورکشاپ میں مختلف جامعات کے 36 طلبہ و طالبات نے شرکت کی تربیتی پروگرام کا مقصد رضا کاروں کو ریڈ کراس اور ریڈ کریسنٹ تحریک اور تحریک کے سات بنیادی اصولوں انسانیت، بلا تفریق، غیر جانبداری، خود مختاری، رضا کارانہ خدمات، اتحاد اور عالمگیریت کے بارے میں معلومات فراہم کرنا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ رضا کاروں کو یوتھ موبلائزیشن پروگرام کے تحت لاہور کے مختلف تعلیمی اداروں میں سیمینار منعقد کروانے، ریڈ کریسنٹ یوتھ کلبز کے قیام، نئے رضا کاروں کی رجسٹریشن کا عمل اور طلبہ و طالبات کے لیے متعدد ٹریننگ پروگرام کے بارے میں جامع اور تفصیلی معلومات فراہم کی گئی تا کہ یہ تربیت یافتہ رضا کار یوتھ موبلائزیشن پروگرام کے تحت لاہور کے مختلف تعلیمی اداروں میں تمام سرگرمیوں کا حصہ بنیں اس دو روزہ تربیتی ورکشاپ کے مہمان خصوصی محمد زاہد سیکرٹری انجمنِ ہلالِ احمر پنجاب برانچ تھے سیکرٹری انجمنِ ہلالِ احمر پنجاب برانچ نے رضا کاروں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ان کے جذبے اور ہمت کی داد دی اور ان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور اس امید کا اظہار کیا کہ تعلیمی اداروں میں ہونے والی سرگرمیوں میں تمام رضا کار بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور اپنا ثابت کردار ادا کریں گے اس تربیتی سیشن میں راونکاہ الرحمان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر یوتھ اینڈ والنٹیئر، مدثر حبیب جامی، یوتھ اینڈ والنٹیئر آفیسر لاہور نے بطور ٹرینر اپنی خدمات سرانجام دیں۔

چوہنگ: شوٹرز نے فائرنگ کر کے ایڈووکیٹ کو گھر کی دہلیز پر قتل کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوہنگ کے علاقے میں شوٹرز نے فائرنگ کر کے ایڈووکیٹ کو گھر کی دہلیز پر قتل کر دیا، پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے پہلی بیوی کو طلاق، پراپرٹی یا دیگر معاملات کو پیش نظر رکھتے ہوئے تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق چوہنگ کے علاقے سلطان ٹاؤ ن لیگ میاں نوید نامی شہری کار نمبر LE/1212 پر سوار اپنے بچوں کو سکول چھوڑ کر واپس جیسے ہی گھر کے گیٹ کے قریب پہنچا پیچھا کرتے نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جس سے ایڈووکیٹ نوید موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ شوٹرز موقع سے فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس افسران ٹیم کے ہمراہ پہنچے سی سی ٹی وی کیمروں اور دیگر ذرائع استعمال کرتے ہوئے واقعے کے شواہد اکٹھے کرنے اور بیان لے کر تحقیقات شروع کر دی جبکہ مقتول کی لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر دیا گیا اس حوالے سے حکام نے بتایا کہ دیرینہ دشمنی سمیت تمام پہلوؤں ن لیگ کو مد نظر رکھتے ہوئے تحقیقات کی جارہی ہے سابقہ بیوی کے ساتھ رنجش یا 8 سالہ پرانا کیس بھی قتل کی اہم وجہ ہوسکتا ہے، تاہم فی الوقت تحقیقات جاری ہیں۔ واقعے میں ملوث ملزمان کو جلد از جلد قانون کی گرفت میں لا کر سزا دلوائی جائے گی ملزمان کی گرفتاری کے لیے قریبی کیمروں اور سیف سٹی فوٹیجز کے ذریعے حملہ آوروں کی تصاویر بھی حاصل کر لی ہیں۔

ریلوے لاہور ڈویژن اور ورکشاپس ڈویژن کے مابین دوستی کرکٹ میچ



لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے لاہور ڈویژن اور ورکشاپ ڈویژن کے مابین دوستی کرکٹ میچ کھیلا گیا۔ لاہور ڈویژن نے 49 رنز کی برتری سے جیت سمیٹی۔ تفصیلات کے مطابق ریلوے لاہور ڈویژن ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 30 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 224 رنز بنائے جبکہ ورکشاپ ڈویژن 5.27 اوورز میں تمام وکٹوں کے نقصان پر 175 رنز ہی بنا سکی۔ لاہور ڈویژن ٹیم کی کپتانی ڈویژنل پرسانل آفیسر سید محمد علی ذیشان زیدی جبکہ ورکشاپ ڈویژن کی کپتانی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ورکشاپ کاشف فاروق بٹ نے کی جبکہ مین آف دی میچ کا ایوارڈ نصر اللہ نے حاصل کیا۔ نصر اللہ نے بہترین اننگز کھیلتے ہوئے 27 بالز پر 72 رنز کا بڑا سکور کیا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:15

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ویلے تے ونڈو.. وٹاں دی سانجھ

زمینوں کے تنازعات کے خاتمے، ملکیت اور قبضہ کے شفاف تعین کیلئے

حکومت پنجاب کا انقلابی قدم

یکم فروری 2025 سے مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کا آغاز



حکومت پنجاب کی جانب سے
تقسیم کے انتقالات پر لاگو فیس کا خاتمہ

ونڈا کراؤ سُکھ پاؤ

مشترکہ کھاتوں کی تقسیم کیلئے آج ہی درخواست دیں

مینوئل طریقہ کار: متعلقہ محکمہ مال کے عملے سے رابطہ کر کے درخواست جمع کروائیں اور رسید حاصل کریں

یا

ڈیجیٹل طریقہ کار: گھر بیٹھے آن لائن درخواست دینے کیلئے لنک وزٹ کریں
https://askfortaqseem.pulse.gop.pk/

QR کوڈ اسکین کریں

ریونیو عملے کی جانب سے مشترکہ کھاتوں کی معینہ مدت میں یقینی تقسیم
بورڈ آف ریونیو کی جانب سے ریونیو عملے کو ونڈا جات کی تیاری کیلئے مکمل معاونت کی فراہمی

شکایات کی صورت میں رابطہ کریں
ہیلپ لائن نمبر: 042-37882072
ای میل: complaints.pulse@punjab-zameen.gov.pk
PULSE پراجیکٹ 158۔اے، ابوبکر بلاک، نیو گارڈن ٹاؤن، لاہور

منصوبہ برائے اصلاحِ نظامِ اراضی
پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، بورڈ آف ریونیو، حکومت پنجاب

www.pulse.gop.pk | /PULSE | /pulseproject158 | /pulsegop

SPL-244

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 4 فروری 2025ء

تجاوزات سے پاک سڑکیں شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید

حکومتی ہدایات کے مطابق ضلع بھر میں انسداد تجاوزات مہم کے تحت کاروائیوں کا مقصد عوام کو کشادہ اور خوبصورت ماحول فراہم کرنا ہے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ حکومتی ہدایات کے مطابق ضلع بھر میں انسداد تجاوزات مہم کے تحت کاروائیوں کا مقصد عوام کو کشادہ اور خوبصورت ماحول فراہم کرنا ہے، تجاوزات سے پاک سڑکیں اور بازار شہر کی خوبصورتی میں بیپناہ اضافہ کرتی ہیں تو دوسری جانب عوامی آسانی اور سہولت کا مظہر ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہر کے وسط میں واقع گول چوک سے ملحقہ اہم ترین بازاروں کا دورہ کرتے ہوئے کیں، اس موقع پر ڈی پی او راشد ہدایت ضلعی انتظامیہ کے افسران اور انجمن تاجران کے نمائندے بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے صدر بازار، حق بازار، دیپال پور روڈ، کچہری روڈ سمیت مختلف بازاروں میں متعدد دکانداروں کو اپنی حدود میں رہتے ہوئے کاروباری سرگرمیاں جاری رکھنے کی ہدایات جاری کیں، انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق انسداد تجاوزات مہم کے دوران یکساں پالیسی اپنائی جائے گی اور عوامی سہولت کے پیش نظر تجاوزات کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف بلا تفریق کاروائیاں کی جائیں گی، ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی آسانی سب سے مقدم ہے اور اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے انسداد تجاوزات مہم کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے نو منتخب صدر کی کامیابی پر پروقار تقریب کا انعقاد

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے نو منتخب صدر مہر مقصود ہرل ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری امتیاز حسین تاج کی کامیابی ہونے پر نو منتخب عہدے داران کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب لاہور روڈ موضع مراد والا میں مہر علی حسن ایڈووکیٹ ہرل کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی تقریب میں وکلا برادری، ہرل برادری، سیاسی سماجی اور کاروباری شخصیات نے بھی شرکت کی تقریب میں مہر حاجی بختیار حسین ہرل ضلعی چیرمین قومی امن کمیٹی بین المذہب ہم آہنگی چنیوٹ، انفارمیشن سیکرٹری ضلعی ملک احسان الٰہی حسرت، مہر حاجی علی حسن ایڈووکیٹ نے تقریب میں شرکا کی آمد پر پھولوں کے ہار اور پگڑیاں پہنا کر استقبال کیا گیا۔ آخر میں مہر مقصود احمد ہرل صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نے شرکا تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وکلا برادری شہری عوامی مسائل حل کروانے میں اپنی جہد و جہد جاری رکھیں گی۔

اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز گوندل نے یونین کونسل 16 میں پولیو مہم کا افتتاح کر دیا

انسداد پولیو مہم کا افتتاح پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر کیا



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر احسن ممتاز گوندل نے یونین کونسل 16 میں خانہ بدوشوں کی بستی میں رواں سال کی پہلی 5 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر دیا، انہوں نے انسداد پولیو مہم کا افتتاح پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے محکمہ ہیلتھ کے علاوہ ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی انسداد پولیو مہم کے تحت مانیٹرنگ کریں گے انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے عوام پولیو ورکرز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، مہم میں شہری اور دیہاتی علاقوں کے ساتھ ساتھ خانہ بدوش آبادیوں اور بدھوشوں کی بستیوں میں بھی بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی

255 بچوں کو 2564 ٹیمیں پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو گھر گھر جا کر پولیو ویکسین کے قطرے پلائیں گی، پولیو ویکسینیشن کے لیے 141 فکسڈ پوائنٹس اور 66 ٹرانزٹ پوائنٹس پر بھی بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے محکمہ ہیلتھ کے علاوہ ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی انسداد پولیو مہم کے تحت مانیٹرنگ کریں گے انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے عوام پولیو ورکرز کے ساتھ بھرپور تعاون کریں، مہم میں شہری اور دیہاتی علاقوں کے ساتھ ساتھ خانہ بدوش آبادیوں اور بدھوشوں کی بستیوں میں بھی بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی

ضلع ننکانہ صاحب میں پولیو کی مہم کا باقاعدہ طور پر آغاز کر دیا

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا آغاز کیا



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ضلع ننکانہ صاحب میں پولیو کی مہم کا باقاعدہ طور پر آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر سی او ہیلتھ ڈاکٹر محمد طلحہ شیروانی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کامران واجد سمیت دیگر افسران نے بھی بچوں کو پولیو اور وٹامن اے کے قطرے پلائے۔ پولیو مہم کی افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خصوصی انسداد پولیو مہم 3 فروری تا 7 فروری جاری رہے گی، پانچ روزہ پولیو مہم میں پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جا رہے ہیں۔ ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ پولیو مہم کے دوران 02 لاکھ 88 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جانے کا ہدف ہے، انتظامی افسران پولیو ورکرز کی فیلڈ میں سخت مانیٹرنگ جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے بغیر نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ مانیٹرنگ کا مقصد ننکانہ کو پولیو سے پاک کرنا ہے۔ پولیو ٹیمیں قومی فریضہ سمجھتے ہوئے اپنی ڈیوٹی احسن انداز میں نبھائیں اور والدین بھی پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے پانچ سال سے کم عمر کے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلائیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ پولیو کے دو قطرے آپ کے بچوں کی صحت کے ضامن ہیں۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے سی او ہیلتھ و دیگر افسران کے ہمراہ ضلع کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کیا۔

تجاوزات مافیا کو کھلی چھوٹ، ریڑھی بان انتظامیہ کے لیے چیلنج بن گئے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پنڈ دادنخان روڈ پر تجاوزات مافیا کے ڈیرے، سڑک تنگ گلیوں میں تبدیل ریڑھی بانوں نے الگ بادشاہت قائم کر لی مضافاتی علاقوں میں تجاوزات مافیا کو کھلی چھوٹ، ریڑھی بان انتظامیہ کے لیے چیلنج بن گئے شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم پنڈ دادنخان روڈ پر گھرمالہ، نوگراں۔ بائی پاس سنگھوئی، چوتالہ، جلالپور شریف پنڈی سید پور پشوال دھریالہ جالپ ریڑھی بانوں اور دکانداروں نے سڑکوں پر تجاوزات قائم کر کے ٹرانسپورٹ کے لیے مشکلات پیدا کر رکھی ہیں اگر کو ڈرائیور ریڑھی بانوں یا قبضہ مافیا کو سڑک واگزار کرنے کا کہے تو ریڑھی بان گالی گلوچ لڑائی۔ جھگڑے سے بھی گریز نہیں کرتے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری بلدیات سے نوٹس لینے اور اور تجاوزات ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج قصور میں سالانہ سپورٹس گالا 2025ء کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر قصور و چیئرمین بورڈ آف گورنرز ڈی پی ایس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خانعنے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

قصور (بیورو چیف) ڈسٹرکٹ پبلک سکول اینڈ کالج قصور میں سالانہ سپورٹس گالا 2025ء کا انعقاد ڈپٹی کمشنر قصور و چیئرمین بورڈ آف گورنرز ڈی پی ایس ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خانعنے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پرنسپل کرنل (ر) محمد عدیل، ایڈمنسٹریٹر ڈی پی ایس محمد جہانگیر چوہدری، طلباء و طالبات اور اساتذہ نے شرکت کی۔ سپورٹس گالا کا آغاز روایتی شمع کو روشن کر کے کیا گیا اور اس موقع پر رنگ برنگے غبارے ہوا میں چھوڑے گئے، آتش بازی کی گئی اور کبوتروں کو آزاد کیا گیا۔ اس موقع پر طلباء و طالبات نے کلچرل شو، ٹی شو، ٹیبلو اور تمام صوبوں کی ثقافت کو پیش کیا۔ روایتی چائے ریس اور دوڑ کے مقابلہ جات کا انعقاد کیا گیا۔ اساتذہ اور سٹاف کے درمیان رسہ کشی کا بھی مقابلہ ہوا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان نے سپورٹس گالا میں شرکت کرنیوالے طلباء و طالبات کی کارکردگی کو بہت سراہا اور متعلقین کو پروگرام کے بہترین انعقاد پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تدریس کے ساتھ ساتھ بچوں کی جسمانی نشوونما کیلئے ایسے پروگراموں کا انعقاد جاری رہنا بہت ضروری ہے ایسی سرگرمیاں بچوں کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے سالانہ سپورٹس مقابلوں میں پوزیشن حاصل کرنیوالے طلباء و طالبات اور متعلقین میں ٹرافیاں اور شیلڈز تقسیم کیں۔ ڈپٹی کمشنر کو سکول انتظامیہ کی طرف سے سوینئر پیش کیا گیڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حید رخان کا شہر کا اچانک دورہ، صفائی ستھرائی سمیت دیگر اقدامات کا جائزہ لیا

جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے سال 2025 کی پہلی پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا

پولیو مہم 3 سے 7 فروری تک جاری رہے گی جس دوران ضلع بھر میں 2 لاکھ 28 ہزار سے زائد بچوں کو ویکسین دی جائے گی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے سال 2025 کی پہلی پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ پولیو مہم 3 سے 7 فروری تک جاری رہے گی جس دوران ضلع بھر میں 2 لاکھ 28 ہزار سے زائد بچوں کو ویکسین دی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے 1200 سے زائد ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ 74 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں تاکہ ہر بچے تک ویکسین کی رسائی ممکن بنائی جا سکے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میثم عباس نے کہا کہ پاکستان کو پولیو فری بنانا اولین ترجیح ہے اور اس مہم کے دوران ضلع جہلم میں کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہیں رہنا چاہیے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو ویکسین ضرور پلائیں تاکہ انہیں عمر بھر کی معذوری سے بچایا جا سکے۔ محکمہ صحت کے حکام کے مطابق انسداد پولیو مہم کے دوران گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین دی جائے گی اور اس مشن میں محکمہ صحت کی ٹیمیں مکمل متحرک ہیں۔ افتتاحی تقریب میں سی او ہیلتھ ڈاکٹر منظہر حیات، ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر شکیل اور محکمہ صحت کے دیگر اعلیٰ افسران سمیت پولیو ٹیموں کے انچارجز بھی شریک تھے۔

اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر کی پولیو ٹیموں کی سرپرائز چیکینگ

پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ انعم بابر کی پولیو ٹیموں کی سرپرائز چیکینگ، ڈور ٹو ڈور موبائل ٹیموں کی جانب سے کور کیے گئے بادسر، سکواز اور گھروں کی رینڈم چیکنگ کے ڈور ٹو ڈور مارکنگ، مائیکرو پلان، کور بچوں کی فنگر مارکنگ کی پڑتال کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر وسیم مرزا بھی اس موقع پر ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ وہ پوری جانفشانی اور جوش و جذبے سے فرائض منصبی انجام دیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ کوئی بچہ پولیو کی خوراکیں لینے سے نہ رہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ والدین کا بھی فرض ہے کہ وہ اپنے بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو کے دو قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں سے تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جگہ پولیو ٹیمیں نہ پہنچنے یا معلومات میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی کنٹرول روم کے نمبر 9250011 پر کال کریں۔ انہوں نے بتایا کہ 3 سے 7 فروری تک قومی انسداد پولیو جاری رہے گی۔ 2879 پولیو ٹیمیں گھروں، سکولوں، بس اسٹاپ، ریلوے اسٹیشن اور ہسپتالوں میں قطرے پلانے کا قومی فریضہ انجام دیں گی پانچ سال سے کم عمر 7 لاکھ 95 ہزار 877 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔

چناب نگر کے محلہ چھنی قریشیاں میں رفیق میڈیکل سینٹر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

چناب نگر کے مکینوں کے لئے تمام طبی سہولیات میسر ہونگیں مفت چیک اپ اور فری ادویات دی جائیں گی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسانیت کی خدمت کے لئے انقلابی قدم انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کی طرف سے چناب نگر کے محلہ چھنی قریشیاں میں رفیق میڈیکل سینٹر کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا جس میں چناب نگر کے مکینوں کے لئے تمام طبی سہولیات میسر ہونگیں مفت چیک اپ اور فری ادویات دی جائیں گی سنگ بنیاد کی تقریب میں رکن پنجاب اسمبلی مولانا محمد الیاس چنیوٹی چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان مولانا قاری محمد رفیق لفیسی میاں مقصود احمد میاں محمد رضوان لالی مولانا قاری عمر حیات صدیقی سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار چنیوٹ امتیاز احمد سمیت سینکڑوں معززین کی شریک انوار ختم نبوت ٹرسٹ کے اس اقدام کو سراہا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان مولانا قاری محمد رفیق لفیسی حاجی محمد اویس علوی مولانا مفتی عتیق الرحمن لفیسی نے کہا کہ انسانیت کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے رفیق میڈیکل سینٹر 5 کروڑ روپے کی خطیر کے رقم سے ہنگامی بنیادوں پر جلد تعمیر کیا جائیگا رفیق میڈیکل سینٹر کے قیام کا مقصد چناب نگر و گرد و نواح کے مکینوں کے علاج معالجہ کو یقینی بنا کر قادیانیوں کے گمراہ کن اور اچھے ہتھکنڈوں سے محفوظ کر کے غریب نومسلمین کے ایمان کو بچانا ہے انہوں نے بتایا کہ اہل علاقہ کے مطالبہ پر رفیق میڈیکل سینٹر کے بعد تعلیم کے میدان میں اہلیان علاقہ کے لئے سکول کا اعلان جسے جلد شروع کر دیا جائیگا جس سے نئی نسل دینی وعصری تعلیم سے آراستہ کیا جائیگا تا کہ نسل کے مستقبل روشن کیا جاسکے موقع پر فضا تاجدار ختم نبوت زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی مولانا محمد الیاس چنیوٹی ایم پی اے نے کہا کہ میڈیکل سینٹر کا قیام میرے والد محترم سفیر ختم نبوت مولانا منظور احمد چنیوٹی کا خواب تھا۔

چیف وارڈن سول ڈیفنس طاہر مجید کپور کی زیر صدارت پروقار تقریب منعقد ہوئی

ایگزیکٹوز و النٹیئرز کو پروموشن بیجیز لگانے کیساتھ نئے کارڈز جاری کئے



سیالکوٹ (بیورو چیف) سول ڈیفنس سیالکوٹ کے زیر اہتمام اور طاہر مجید کپور (چیف وارڈن سول ڈیفنس) کے زیر صدارت ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں ڈپٹی چیف وارڈنز سے لیکر پوسٹ وارڈنز صاحبان نے شرکت کی۔ تقریب میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کی جانب سے جوائننگ لیٹر، نئی یونیفارم برائے رضاکاران اور سروس کارڈز دیئے گئے۔ اس موقع پر ڈپٹی چیف وارڈن شبلی صندل کے والد مرحوم شیخ شیراز صندل کے ایصال ثواب کیلئے خصوصی دعا مغفرت بھی کرائی گئی۔ اپنے خطاب میں چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کا کہنا تھا کہ مجھے تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے ایگزیکٹوز سے لیکر پوسٹ وارڈنز اور تنظیم شہری دفاع رضاکاروں کی ہر اہم مواقع کی ڈیوٹی پر بڑھ چڑھ کر مستعدی کیساتھ ڈیوٹی سرانجام دینے پر فخر ہے۔ مجھ سے بے لاگ محبتیں کرنے والے میرے والنٹیئرز کی محبتوں کا مقروض ہوں جو مجھے عزت واحترام کیساتھ محبتیں نچھاور کرتے ہیں۔ تقریب کے اختتام پر چیف وارڈن طاہر مجید کپور کی جانب سے پرتکلف لنچ کا اہتمام کیا گیا۔ تنظیم شہری دفاع عہدیداران و والنٹیئرز نے یونیفارم کارڈز اجراء سمیت ظہرانے پر ہر دلعزیز چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ کا شکریہ ادا کیا اور ان کی کاوشوں کو سراہا۔

جہلم شہر جی ٹی ایس چوک میں تین فٹ کا جنگلی جانور پہنچ گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر جی ٹی ایس چوک میں تین فٹ کا جنگلی جانور پہنچ گیا جنگلی جانور گھر گھر گودا کودتے ہی شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا گھر گودا نامی جنگلی جانور کو ریسکیو 1122 کے عملے نے موقع پر پہنچ کر قابو کر لیا۔ جبکہ جی ٹی ایس چوک اور ارد گرد کے دوکانداروں نے خوف کی وجہ سے اپنی دوکانوں کے شٹر بند کر لیے۔ جبکہ جی ٹی ایس چوک میں گاڑیوں کی دونوں اطراف لمبی لائنیں لگ گئیں۔ واقع کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کے فرض شناس عملے نے انتہائی مہارت کے ساتھ گھر گودا نامی جانور کو پکڑ کر شہر سے دور ویران جنگل میں چھوڑ دیا

انٹرمیڈیٹ کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات کو گارڈ آف آنر دے کر لاہور رخصت کر دیا گیا

کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی اور آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے طلبہ وطالبات کو رخصت کیا

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) انٹرمیڈیٹ کے سالانہ امتحان 2024 کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات کو گارڈ آف آنر دے کر لاہور رخصت کر دیا گیا ہے کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی اور آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے طلبہ وطالبات کو رخصت کیا۔ پوزیشن ہولڈرز طلباء آج لاہور میں ہونے والی مرکزی تقریب میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گوجرانوالہ کے پوزیشن ہولڈرز طلباء کو کیش پرائز، میڈلز اور تعریفی سرٹیفکیٹس دیں گی۔ پنجاب حکومت نے لائق اور ذہین طلبہ وطالبات کی حوصلہ افزائی کیلئے انٹر کے سالانہ امتحانات 2024 کے پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات کو انعامات دینے کیلئے تقریب کا انعقاد آج فلیٹیز ہوٹل میں ہوگا۔ صوبائی سطح کی تقریب میں شرکت کیلئے گوجرانوالہ کے 33 پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات لاہور کیلئے روانہ ہوئے۔ پوزیشن ہولڈرز طلبہ وطالبات کے ساتھ ایک، ایک ٹیچر اور والدین بھی ہمراہ ہیں۔ لاہور روانگی سے قبل گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ میں مختصر تقریب ہوئی جس میں پولیس کے چاق چوبند دستے نے پوزیشن ہولڈرز طلباء کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ کمشنر گوجرانوالہ نے طلبہ وطالبات کو فرداً فرداً ملے اور رخصت کیا۔

انجمن تاجران زری یونین گول چکر کے انتخابات مکمل حاجی رضوان مغل متفقہ طور پر صدر منتخب

تاجران زری یونین گول چکر ننکانہ کا اجلاس بسلسلہ الیکشن 2025 ہوا جس میں تمام ممبران نے شرکت کی



ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) انجمن تاجران زری یونین گول چکر کے انتخابات مکمل حاجی رضوان مغل متفقہ طور پر صدر منتخب تفصیلات کے مطابق انجمن تاجران زری یونین گول چکر ننکانہ کا اجلاس بسلسلہ الیکشن 2025 ہوا جس میں تمام ممبران نے شرکت کی اجلاس میں متفقہ طور پر حاجی محمد رضوان مغل کو صدر زری یونین ننکانہ منتخب کیا گیا ممبران نے نو منتخب صدر کو مبارکباد پیش کی اور ان کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا باقی عہدیداروں کا چناؤ آئندہ اجلاس میں کیا جائے گا اس موقع پر نو منتخب صدر زری یونین حاجی محمد رضوان مغل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے صدر منتخب کیا میں ان کی توقعات پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کرتے ہوئے یونین کی فلاح و بہبود کے لئے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لاؤں گا

ریٹائرڈ پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی دوران سروس وفات پانے والے مرحوم پولیس انسپکٹر صلاح دین بٹ کے گھر آمد

آر پی او نے اہل خانہ سے تعزیت کی اور مرحوم کی بلند درجات اور روح کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ریٹائرڈ پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ نے دوران سروس وفات پانے والے پولیس انسپکٹر صلاح دین بٹ کے گھر جا کر ان کے لواحقین سے تعزیت کی اور مرحوم کے بلند درجات کے لئے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے مرحوم کے بچوں سے ملاقات کی اور انہیں محکمہ کی جانب سے دیے جانے والے واجبات کے متعلق آگاہ کیا اور کہا کہ محکمہ پولیس مرحوم کے ورثاء کے ساتھ دکھ کی گھڑی میں برابر کے شریک ہیں۔ ان کو ہر قسم کا تعاون کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس انسپکٹر صلاح دین نامور پہلوان ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی خوش اخلاق اور فرض شناس افسر بھی تھے۔ لہٰذا ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اس موقع پر اے ڈی آئی جی اسد محمود، اسسٹنٹ ڈائریکٹر عمران اعظم رضا، پی ایس او ماجد علی اور پولیس ترجمان عمران گجر بھی موجود تھے۔

ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے طلباء وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے

پنجاب پولیس یوتھ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیس کے مثبت پہلوؤں کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان حائل خلیج کو ختم کرنا ہے



گوجرانوالہ (بیورو چیف) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق اور سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کی ہدایت پر دو ہفتے کے انٹرن شپ پروگرام میں ڈسٹرکٹ پولیس کے سینئر افسران نے طلباء و طالبات کو پولیس ورکنگ اور پولیسنگ کے مختلف شعبوں کے بارے میں لیکچرز دیئے اور وزٹ کروائے۔ پروگرام کی اختتامی تقریب اشرف مارتھ شہید پولیس لائنز آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوئی۔ طلباء و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے کہا کہ انٹرن شپ پروگرام کا مقصد پولیسنگ سے آگاہی اور اس میں بہتری کیلئے نوجوان نسل کو ساتھ لے کر چلنا ہے، انٹرن شپ پروگرام اور طلباء و طالبات کے تعاون اور مشاورت سے کمیونٹی پولیسنگ کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ تقریب کے اختتام پر ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا تنویر سپرا نے انٹرنیز میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔ یوتھ انٹرن شپ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں سے طلباء و طالبات نے شرکت کی جنہیں دو ہفتوں پر محیط انٹرن شپ پروگرام میں پولیس ورکنگ کے متعلق آگاہی دی گئی۔ دو ہفتوں پر محیط پروگرام میں پولیس کے سینئر افسران نے انٹرنیز کو پولیسنگ، پولیس کے تجدیدی اقدامات اور SIPS و دفاتر، آر پی او آفس، سی ٹی ڈی، سپیشل برانچ، فرنٹ ڈیسک، میثاق سینٹر، تحفظ مرکز، ویمن انکلیو، خدمت مراکز، انوسٹی گیشن، آپریشن، آئی ٹی، سیف سٹی گوجرانوالہ اور دیگر دفاتر میں پولیس کی ورکنگ کے حوالے سے آگاہی دی گئی۔

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے جرائم سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے

ڈکیتوں، چوروں اور مجرمانہ ذہن رکھنے والے سماج دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹتے ہوئے شہریوں کو امن کی فضا فراہم کریں گے

گوجرانوالہ (بیورو چیف) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر اے ایس پی وزیر آباد حسن بلال کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ احمد نگر سب انسپکٹر بلال نے اپنی پولیس ٹیموں کے ہمراہ موثر کاروائی عمل میں لاتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر اور منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ جس میں شائی مانی ڈکیت و چور گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے ایک لاکھ پچاس ہزار روپے نقدی اور پسٹل برآمد کیا۔ بدنام زمانہ منشیات فروش فخر زمان عرف قمر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے چودہ سو گرام چرس برآمد کر لی جبکہ ہوائی فائرنگ اور الحکمی نمائش کرنے والے چار کس ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کر لیا۔ دوران تفتیش ڈکیت و چور گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ علاقہ تھانہ احمد نگر میں گھیتوں و ڈیروں پر لگی موٹریں وغیرہ چوری کرتے اور کبھی کبھار راہگیروں کو لوٹ لیتے تھے۔ منشیات فروشی میں ملوث ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ وہ احمد نگر کے مختلف علاقہ جات کے نوجوانوں کو منشیات فراہم کرتا تھا۔ ملزمان کی گرفتاری پر سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔

ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن (ر) اورنگزیب حید رخان کا شہر کا اچانک دورہ

قصور (بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر قصور کیپٹن (ر) اورنگزیب حید رخان کا شہر کا اچانک دورہ، شہر میں صفائی ستھرائی سمیت دیگر اقدامات کا جائزہ لیا، ایل ڈبلیو ایم سی افسران کو صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کی ہدایات۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی عمر اویس کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے صفائی ستھرائی کے نظام کو چیک کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ایل ڈبلیو ایم سی کے ذمہ داران کو شہر میں صفائی ستھرائی کیلئے مناسب اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کنٹریکٹر کو ہدایت کی کہ وہ گلی محلوں اور مین شہراہوں کو ہمہ وقت صاف ستھرا رکھنے کیلئے ٹھوس اقدامات بروئے کار لائیں۔ ستھرا پنجاب چ۔ اسسٹنٹ کمشنر تحصیل پتوکی ڈاکٹر مکرم سلطان کا غیر قانونی منی پٹرول پمپس اور گیس ریفلنگ کرنیوالوں کیخلاف ایکشن 1 منی پٹرول پمپ اور گیس ریفلنگ شاپ سیل جبکہ ایک شخص کیخلاف مقدمہ درج کرا لیا۔

بزنس کمیونٹی سے ملاقات کی بنگلہ دیش پاکستان میں کاروباری سرگرمیاں کو مضبوط بنانے کا خواہشمند ہے

بنگلہ دیشی عوام پاکستانی چاول، گوشت اور مصنوعات سے انتہائی دلچسپی رکھتے ہیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بزنس کمیونٹی سے ملاقات کی بنگلہ دیش پاکستان میں کاروباری سرگرمیاں کو مضبوط بنانے کا خواہشمند ہے، بنگلہ دیش ہائی کمشنر محمد اقبال حسین نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں بزنس کمیونٹی سے اظہار خیال ک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اساتذہ وریسرچرز پر 100 فیصد انکم ٹیکس

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے اساتذہ اور ریسرچرز کو 100 فیصد انکم ٹیکس ادا کرنے کے نوٹس بھیجنا شروع کر دیے۔ دوسری جانب، حکومت کی جانب سے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے ٹیچرز اور ریسرچرز کے لیے انکم ٹیکس میں 25 فیصد چھوٹ دینے کی اجازت بھی مانگی گئی ہے۔ اساتذہ اور ریسرچرز کسی بھی قوم کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ تعلیم اور تحقیق کو فروغ دینا کسی بھی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہوتا ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان میں یہ شعبے نظر انداز رہے ہیں۔ پہلے ہی وسائل کی کمی، تنخواہوں میں عدم استحکام، اور سائنسی تحقیق کے لیے ناکافی فنڈنگ جیسے مسائل اساتذہ اور محققین کو درپیش ہیں۔ بجائے سہولت فراہم کرنے کے اب ان پر ٹیکس کا مزید بوجھ ڈالنا انھیں مزید مشکلات سے دوچار کر دے گا۔ پاکستان میں ایسے کئی ادارے اور مراعات یافتہ شخصیات موجود ہیں جنھیں ٹیکس سے مکمل استثنا حاصل ہے۔ بڑی سرکاری شخصیات، بیوروکریٹس اور کچھ دیگر مراعات یافتہ طبقات کے لیے تو خصوصی سہولتیں فراہم کی جاتی ہیں مگر جن کا کام علمی و تحقیقی ترقی کو فروغ دینا ہے انھیں معاشی بوجھ کے تلے دبایا جا رہا ہے۔ یہ حکومتی پالیسیوں میں موجود واضح تضاد کی عکاسی کرتا ہے۔ حکومت کو اساتذہ اور محققین کو ٹیکس میں زیادہ سے زیادہ رعایت دینی چاہیے تاکہ تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔ اس کے علاوہ، پاکستان کو اپنی معیشت کو مضبوط بنانے اور بیرونی اداروں پر انحصار کم کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ جب تک معیشت مستحکم نہیں ہوگی، ایسے فیصلے آئی ایم ایف اور دیگر بین الاقوامی اداروں کے دباؤ میں ہی کیے جاتے رہیں گے۔ اساتذہ اور ریسرچرز پر 100 فیصد ٹیکس لگانے اور پھر اس میں 25 فیصد رعایت کے لیے آئی ایم ایف سے اجازت لینے کی پالیسی قومی خودمختاری کے اصولوں کے منافی ہے۔ کسی بھی ملک کی ترقی کا انحصار اس کے تعلیمی نظام پر ہوتا ہے اور اگر تعلیمی شعبے سے وابستہ افراد کو ہی مالی دباؤ میں رکھا جائے گا تو ترقی کا خواب کبھی حقیقت نہیں بن سکے گا۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ قومی مفادات کو مقدم رکھتے ہوئے تعلیمی شعبے سے وابستہ افراد کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرے اور معاشی معاملات کے حوالے سے بیرونی دباؤ سے آزاد ہو کر خودمختارانہ فیصلے کرے۔

یقین محکم

وہ پچھلے کئی گھنٹے سے میرے صبر اور خوش اخلاقی کا امتحان لے رہا تھا۔ میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ میرے لہجے میں تلخی یا ناراضگی کا عنصر شامل نہ ہو لیکن وہ تو شاید اپنا سارا ڈپریشن میرے پر ہی نکالنے کا ارادہ کر کے آیا تھا میں دبے لفظوں میں اسے سمجھانے کی کوشش کر رہا تھا کہ اسکی نا کامیوں میں مجھ غریب کا کوئی قصور نہیں ہے لیکن وہ مجھے قصوروار بنانے پر تلا ہوا تھا میں پوری کوشش کر رہا تھا کہ کسی طرح اس کو مطمئن کر سکوں لیکن اس کے لہجے کی تلخی اور زہر میں اضافہ ہو تا جا رہا تھا اب اس کی گفتگو کا رخ میری طرف سے ہٹ کر خدا کی طرف ہو گیا تھا پہلے تو میں قصوروار تھا اب وہ خدا کے پیچھے پڑ گیا تھا کہ خدا ہے بھی یا نہیں میں تو خدا کو تب مانوں گا جب وہ میری دعائیں قبول کریگا جب میرے پاس دنیا کی ہر نعمت موجود ہو گی کیونکہ جن لوگوں کے پاس روپے پیسے کی ریل پیل ہے میں ان سے زیادہ عبادت گزار ہوں جب میں زیادہ عبادت کرتا ہوں تو اللہ تعالی میری کیوں نہیں سنتا میرا حق زیادہ ہے جب تک وہ میری ذات پر تنقید کرتا رہا میں صبر اور خاموشی بلکہ خوش مزاجی سے سنتا رہا اب جب وہ رب کعبہ کی ذات پر تنقید کرنے لگا تو میرے صبر کا پیمانہ چھلکنے لگا وہ پچھلے گھنٹے سے مجھے بتا رہا تھا کہ میں نے بہت سارے ذکر اذکار کیئے ہیں نمازیں نوافل ادا کیئے میرے اوپر وہ بار بار یہ تنقید کر رہا تھا کہ آپ لوگوں کو تسبیحات بتاتے ہیں ان کا کوئی فائدہ نہیں میں نے بہت تسبیحات کیں ہیں مجھے کوئی فائدہ نہیں ہوا رب بھی امیروں کا ہے میں کتنے عرصے سے عبادات کر رہا ہوں میری دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں جب وہ وہ بہت بول چکا تو میں نے اس کی آنکھوں میں جھانکا اور شفیق لہجے میں کہا تمہاری دعائیں پتہ قبول کیوں نہیں ہوتیں تمہیں خدا پر یقین ہی نہیں ہے اگر تمہیں خدا پر یقین ہوتا تو تم کبھی ایسی فضول باتیں نہ کرتے تم میں یقین کی کمی ہے تم نے خالق کائنات کو مانا ہی نہیں جس دن تم نے خدا پر یقین کرنا سیکھ لیا اسی دن سے تمہاری دعائیں قبول ہونا شروع ہو جائیں گی وہ چپ چاپ میری باتیں سنتا رہا اور پھر اٹھ کر چلا گیا میرے پاس ایسے کئی مایوس افراد آ چکے ہیں جو آتے ہی کہتے ہیں کہ ہم نے آج کے بعد کوئی نماز نہیں پڑھنی کوئی تسبیح نہیں کرنی جب خدا نے ہماری کوئی دعا قبول ہی نہیں کرنی تو ہم کیوں دعائیں کریں ایسے عقل کے اندھوں کو کون سمجھائے دنیا کی ہر پیش رفت کے پیچھے جو قوت نظر آتی ہے وہ یقین ہی ہے۔ ہر ظلمات میں کشتیاں جلانا اور گھوڑے دوڑانا یقین کا ہی کرشمہ تھا اِس یقین کے بل بوتے پر نئی دنیائیں دریافت ہوئیں انکشافات کے نئے چاند روشن ہوئے اربوں کہکشاں کا سراغ ملا مریخ اور چاند پر انسان کا قدم پڑا ایجادات کا سیلاب امڈ آیا جنگل منگل کا سماں بنا انفرادی یا اجتماعی طور پر یقین ہی وہ جذبہ ہے جس نے خوابوں میں حقیقت کا رنگ بھرا یہ یقین کی کمی تھی جو عرب سردار ابوالحکم تھا لیکن ابوجہل کہلا کر عبرت کا نشان بن گیا اور افریقہ کا حبشی غلام بلال شہرت کے آسمان پر اِس شان سے چمکا کہ فاروق اعظم



ان کو ہمیشہ ہمارے سردار کہہ کر بلاتے تھے ابو الفضل اور فیضی جیسے دانش ور شاہی ایوانوں کی راہداریوں میں گم ہو گئے جب کہ شیخ سرہندی کی لحد روشنی کا مینار بن کر محشر تک اندھی روحوں کو منور کرنے کا باعث بن گئی یقین و ایمان کا نور دیکھنا ہو تو حضرت سراقہ بن جعشم میں ملاحظہ ہو آخری وقت آن پہنچا مرض الموت کے آہنی پنجے نے گرفت میں لینا شروع کر دیا اطبا لاعلاج قرار دے چکے ورثا تدفین کی تیاریوں میں مصروف ہیں یقین کے نور سے مالا مال سراقہ کہتے ہیں واللہ ابھی موت مجھے چھو بھی نہیں سکتی کیونکہ میں نے ابھی کسری ایران کے کنگن نہیں پہنے جس کی بشارت سرتاج الانبیا محبوب خدا ﷺ نے خود مجھے دی تھی چشم فلک اور بوڑھے آسمان نے یہ منظر خود دیکھا تھا ہجرت مدینہ کے وقت کفار نے سراقہ کو کنگن پہنانے کا لالچ دے کر نبی کریم ﷺ کے پیچھے بھیجا تھا مگر شہنشاہ دوجہاں ﷺ نے سراقہ کو دیکھ کر فرمایا تھا کہ اگر تم اسلام قبول کر لو تو ایک وقت آئے گا جب ایران فتح ہو گا تو شاہِ فارس کے کنگن تمہیں پہنائے جائیں گے اور پھر سراقہ صحت یاب ہوئے اور پھر ایران فتح ہوا تو خلیفہ وقت جناب فاروق اعظم نے خود اپنے ہاتھوں سے سراقہ کو کنگن پہنائے سراقہ کے دل و دماغ میں بھی پیارے آقا ﷺ کے لب مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ کا مکمل یقین تھا یقین کا ایک اور نمونہ ملاحظہ فرمائیں جنگ میں ثابت بن اصیرم مسلمانوں سے برسرپیکا رہے اچانک کسی خیال کے تحت سرور کونین ﷺ کے حضور پیش ہوتا ہے اور عرض کرتا ہے اگر میں اسلام قبول کر لوں تو مجھے کیا ملے گا تو آقا کریم ﷺ نے فرمایا جنت یہ سن کر یقین کی چنگاری بھانبڑ بن گئی کھجور کا دانہ جو اس وقت ہاتھ میں تھا اس کو زمین پر پھینک دیا اور سرور کائنات سے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ آخری سلام قبول ہو اب یہ کھجور جنت جا کر کھاؤں گا چیتے کی طرح پلٹا اور کفار پر حملہ کر دیا اور پھر جوانمردی سے لڑتا ہوا شہید ہو گیا جنگ کے بعد نبی کریم ﷺ نے لاشوں کا معائنہ کرتے ہوئے فرمایا آ دوستو میں تمہیں ایسا جنتی دکھاں جس نے نہ نماز پڑھی نہ روزہ رکھا نہ حج کیا مگر سیدھا جنت گیا بقول شاعر

پروانے کا حال اِس محفل میں ہے قابل رشک اے اہل نظر
شب بھر میں یہ پیدا بھی ہوا عاشق بھی ہوا اور مر بھی گیا

یہ ثابت بن اصیرم کا شاہ عربی ﷺ پر یقین ہی تھا جو شہادت کے مرتبے پر فائز ہو کر جنت الفردوس کا مکین بنا اور پھر کون بھول سکتا ہے تاریخ انسانی کے عظیم کردار دانش ور اہل علم سقراط کو دو ہزار سال قبل یونان کا شہرا یتھنز اِس شہر کے لوگ اپنا حاکم خود منتخب کرتے تھے علم فلسفہ آرٹ ان کی رگوں میں دوڑتا تھا اِس شہر کی اسمبلی تھی جہاں لوگوں کے مسائل زیر بحث کرتے 404 قبل مسیح سپارٹا کے جرنیل لینڈر نے چند شر پسند عناصر کے ساتھ مل کر عوامی جمہوریت کی جگہ آمریت کی بادشاہت قائم کر دی عدالت جرنیل کی زرخرید بن گئی امر کے اشارے پر فیصلے ہونے لگے مخالفوں کو پھانسی کی سزائیں دی جانے لگیں اِسی عدالت میں تاریخ کا بہت بڑا کردار لایا گیا سقراط جس پر علم و آگہی اور نوجوانوں کو گمراہ کرنے کا الزام تھا مقدمہ قائم ہوا اور سقراط کو بھی پھانسی کی سزا سنائی گئی سقراط نے اپنے سچ کے یقین پر زہر کے پیالے کو اپنے ہونٹوں سے لگا لیا اور کہا میں موت سے مغلوب ہو رہا ہوں اور تم بدی سے اور پھر اِسی یقین کی دولت کی وجہ سے سقراط قیامت تک کے لیے تاریخ کے اوراق میں امر ہو گیا یقین کا ایک اور جلوہ آپ کی نذر یہ کہ حضرت فاروق اعظم کے دور میں مصر فتح ہو چکا تھا مصریوں کا یہ عقیدہ تھا کہ ہر سال جب دریائے نیل خشک ہو جاتا تو وہ نوجوان لڑکی کو دلہن بنا کر اس کی گردن پر چھری پھیر کر خشک دریا کو انسانی خون کی بھینٹ دیتے جس سے دریائے نیل رواں ہو جاتا اور پھر تاریخ انسانی کے سب سے عظیم حکمران حضرت عمر فاروق کے دور میں بھی نیل خشک ہو گیا اہل مصر نے انسانی خون کی بھینٹ چڑھانے کی درخواست دربار خلافت میں دی تو فاروق اعظم یقین سے بھرپور لہجے میں بولے یہ عقیدہ توحید اور ایمان کے منافی ہے انسانی جان نہیں دی جائے اور دریائے نیل کو میرا یہ پیغام دو دریائے نیل بہنا شروع ہو جائے گا یقین کی عبارت ملاحظہ فرمائیں اے نیل اگر تو بھینٹ لے کر بہتا ہے تو قیامت تک خشک رہ اگر تو خدا کے حکم سے چلتا ہے تو خدا کا یہ بندہ عمر تجھے حکم دیتا ہے کہ تو بہنا شروع کر دے کیونکہ مخلوق خدا قحط میں مبتلا ہے اور پھر فاروق اعظم کا رقعہ نیل کی پاتال تک جیسے ہی پہنچا نیل کے کناروں سے پانی اچھلنے لگا۔

پاکستان کا کشمیری عوام کے ساتھ نظریے، محبت اور ایمان کا مقدس رشتہ ہے



قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا تھا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ 23 مارچ 1940 کو قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس منٹو پارک (اقبال پارک) لاہور میں منعقد ہوا جس میں قرارداد پاکستان منظور کی گئی۔ اس اجلاس میں ریاست کشمیر کا ایک نمائندہ وفد بھی شامل ہوا جس کی قیادت مولانا غلام حیدر جنڈالوی کر رہے تھے ان کے ساتھ سردار فتح محمد کریلوی، سید حسین شاہ گردیزی، سردار گل احمد خان سدھن گلی والے اور دیگر افراد نے شرکت کی ہندوستان کی تمام ریاستوں کے وفود کو تقریر کیلئے پانچ پانچ منٹ دیئے گئے اسی طرح ریاست کشمیر کے وفد کو بھی پانچ منٹ دیئے گئے وفد کے سربراہ مولانا غلام حیدر جنڈالوی جب اپنے پانچ منٹ پورے کر چکے تو قائداعظم محمد علی جناحؒ نے سٹیج سیکرٹری کو کہا کہ مولانا کو میری تقریر میں سے مزید وقت دیا جائے کیونکہ یہ ریاست جموں و کشمیر کے 88 فیصد مسلمانوں کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ ان کی بات کو توجہ سے سنا جانا ضروری ہے۔ قائداعظمؒ کے ذہن میں کشمیر کی اہمیت اور اس کا نقشہ موجود تھا۔ پاکستان کا ''ک'' کشمیر سے لیا گیا تھا اسی لئے قائداعظمؒ نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا اور کہا تھا کہ کوئی باغیرت قوم اپنی شہ رگ کو دشمن کے حوالے نہیں کر سکتی۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے قائداعظم محمد علی جناح کی زبان سے نکلا یہ جملہ اس بات کی واضح دلیل ہے کہ کشمیر پاکستان کے لیے محض ایک سرحدی تنازعہ نہیں بلکہ اس کی نظریاتی، جغرافیائی اور جذباتی وابستگی کا مظہر ہے۔ کشمیر صرف زمین کا ٹکڑا نہیں بلکہ چوبیس کروڑ پاکستانیوں کے دل کی دھڑکن ہے، پاکستانیوں کا کشمیری عوام کے ساتھ نظریے، عقیدت، محبت و خلوص اور ایمان کا مقدس رشتہ ہے جو قیامِ پاکستان سے بھی صدیوں پہلے سے قائم ہے۔ پاکستان کے ہر شہری کے دل میں کشمیری عوام کے لیے محبت، اخوت اور ایثار کا جذبہ موجزن ہے۔ کشمیر کی آزادی کا خواب ہر پاکستانی کی آنکھ میں بسا ہوا ہے، اور جب تک یہ خواب حقیقت نہیں بن جاتا، پاکستانی عوام اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی جدوجہد آزادی کی سیاسی، اخلاقی، سفارتی، ریاستی اور انسانی حمایت جاری رکھیں گے۔ تاریخی اور جغرافیائی اعتبار سے کشمیر برصغیر کی تقسیم کے وقت (95 فیصد) مسلم اکثریتی ریاست تھی جو قدرتی اور اکثریتی طور پر اہل کشمیر کا حق اور پاکستان کا حصہ بننا چاہیے تھا۔ دریائے جہلم، چناب اور سندھ جیسے اہم دریا کشمیر سے نکلتے ہیں، جو پاکستان کی زراعت اور معیشت کے لیے شہ رگ کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کشمیر کی ثقافت، زبان، روایات اور مذہبی وابستگی پاکستانی معاشرے سے گہری مماثلت رکھتی ہیں۔ پاکستان (لا الہ الا اللہ) کی بنیاد پر وجود میں آیا، کشمیری عوام بھی اسی نظریے پر یقین رکھتے ہیں۔ کشمیری عوام کا نعرہ ''پاکستان سے رشتہ کیا؟ لا الہ الا اللہ'' اس بات کی دلیل ہے کہ ان کے دل بھی پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ بھارتی جبر کے باوجود، ہر 14 اگست کو کشمیر میں پاکستانی پرچم لہرانا اور یومِ آزادی منانا اس نظریاتی وابستگی کا ثبوت ہے۔: یوم یکجہتی کشمیر: پاکستانی عوام کے جذبات اور کشمیری بھائیوں سے محبت کا مظہر ہے۔ ہر سال 5 فروری کو پاکستانی عوام کشمیری بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ اس دن ملک بھر میں سرکاری و غیر سرکاری اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام ریلیاں، سیمینارز اور دعائیہ تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ مظفر آباد اور دیگر شہروں میں انسانی زنجیر بنائی جاتی ہے، جو پاکستان اور کشمیر کے درمیان کبھی نہ ٹوٹنے والے رشتے کی علامت ہے۔ پرنٹ میڈیا میں خصوصی مضامین شائع ہوتے ہیں، الیکٹرونکس میڈیا بھی خصوصی پروگرامز کا اہتمام کرتا ہے۔ پاکستانی بچے اپنے اسکولوں میں کشمیر کے حق میں تقاریر اور نظمیں کرتے ہیں۔ نوجوان سوشل میڈیا پر کشمیری عوام کی حمایت میں بھرپور آواز بلند کرتے ہیں۔ مساجد اور عبادت گاہوں میں کشمیری عوام کی آزادی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم اور عالمی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہیں۔ اس دن ملک بھر میں سرکاری و غیر سرکاری اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام ریلیاں، سیمینارز اور دعائیہ تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ مظفر آباد اور دیگر شہروں میں انسانی زنجیر بنائی جاتی ہے، جو پاکستان اور کشمیر کے درمیان کبھی نہ ٹوٹنے والے رشتے کی علامت ہے۔ پرنٹ میڈیا میں خصوصی مضامین شائع ہوتے ہیں، الیکٹرونکس میڈیا بھی خصوصی پروگرامز کا اہتمام کرتا ہے۔ پاکستانی بچے اپنے اسکولوں میں کشمیر کے حق میں تقاریر اور نظمیں کرتے ہیں۔ نوجوان سوشل میڈیا پر کشمیری عوام کی حمایت میں بھرپور آواز بلند کرتے ہیں۔ مساجد اور عبادت گاہوں میں کشمیری عوام کی آزادی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی جاتی ہیں۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم، مساوات، اور انصاف کی ضمانت دیتا ہے۔ بھارت کی افواج مقبوضہ کشمیر میں جنیوا کنونشنز کی بھی خلاف ورزی کر رہی ہیں، جو جنگ زدہ علاقوں میں شہریوں کے تحفظ سے متعلق قوانین فراہم کرتا ہے۔ عالمی تنظیمیں ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر بار بار اپنی تشویش کا اظہار کر چکی ہیں۔ ان رپورٹس میں جبری گمشدگیوں، پیلٹ گن کے استعمال اور غیر قانونی گرفتاریوں کی تفصیلات بھی جاری ہو چکی ہیں۔ اگرچہ اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی ادارے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر رپورٹس جاری کرتے ہیں پر آج تک عملی اقدامات سامنے نہیں آئے۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم عالمی برادری کے لیے ایک بڑا امتحان ہیں۔ عالمی انسانی حقوق کے قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزیوں کے باوجود بھارت کو کوئی سزا نہیں دی گئی۔ پاکستانی عوام کا عالمی اداروں سے ہمیشہ مطالبہ رہا ہے کہ کشمیری عوام کو بنیادی انسانی حقوق جن میں آزادی سرفہرست ہے اور انصاف دلانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کئے جائیں، تیز ترین ذرائع ابلاغ کی بدولت دنیا بھر کے انسان اقوام متحدہ اور عالمی انسانی حقوق کی علم بردار طاقتوں کے دہرے معیار کو باخوبی دیکھ، سن، سمجھ اور محسوس کر رہے ہیں، کشمیری عوام کے مال وجان، عزت وعصمت کا تحفظ اور رائے دہی کا حق دیئے بغیر مسئلہ کشمیر کا کوئی بھی حل بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہوگا جسے پاکستانی عوام کسی بھی صورت قبول نہیں کر سکتے۔ وقت بہت تیزی سے بدل چکا ہے، مقبوضہ جموں و کشمیر میں کھلم کھلا بھارتی ظلم و جبر اور قتل و غارت پر دنیا نے اپنی خاموشی برقرار رکھی تو انسانی حقوق کی پاسداری کا عالمی تصور مزید کمزور ہو جائے گا!

صحافیوں کو جھوٹے مقدمات میں پھنسا کر گرفتار کیا جاتا ہے یا انہیں ہراساں کیا جاتا ہے۔ بھارتی افواج پیلٹ گن کا بے دریغ استعمال کرتی ہیں، جس کے نتیجے میں ہزاروں نوجوان، بچے اور بوڑھے بینائی سے محروم ہو چکے ہیں۔ بھارتی فورسز کی جانب سے یہ غیر انسانی ہتھیار عام طور پر پُرامن مظاہرین کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے۔ بھارت مقبوضہ کشمیر میں انٹرنیٹ اور مواصلاتی ذرائع کو بند کر کے کشمیری عوام کے رابطے بیرونی دنیا سے کاٹ دیتا ہے۔ اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد بھارت نے کئی مہینوں تک انٹرنیٹ اور موبائل سروسز معطل رکھیں تاکہ مظالم کی خبریں دنیا تک نہ پہنچ سکیں۔ دنیا کی سب سے بڑی نام نہاد جمہوریت کا دعویدار بھارت مسلسل عالمی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہا ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کو اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دیا جانا چاہیے پر بھارت ان قراردادوں اور انسانی حقوق کے عالمی اعلامیے (UDHR) کو نظر انداز کر رہا ہے۔ بھارتی افواج کا کشمیری عوام پر ظلم و ستم انسانی حقوق کے عالمی اعلامیے (Universal Declaration of Human Rights) کی کھلی خلاف ورزی ہے، جو ہر فرد کو آزادی، مساوات، اور انصاف کی ضمانت دیتا ہے۔ بھارت کی افواج مقبوضہ کشمیر میں جنیوا کنونشنز کی بھی خلاف ورزی کر رہی ہیں، جو جنگ زدہ علاقوں میں شہریوں کے تحفظ سے متعلق قوانین فراہم کرتا ہے۔ عالمی تنظیمیں ایمنسٹی انٹرنیشنل اور ہیومن رائٹس واچ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر بار بار اپنی تشویش کا اظہار کر چکی ہیں۔ ان رپورٹس میں جبری گمشدگیوں، پیلٹ گن کے استعمال اور غیر قانونی گرفتاریوں کی تفصیلات بھی جاری ہو چکی ہیں۔ اگرچہ اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی ادارے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر رپورٹس جاری کرتے ہیں پر آج تک عملی اقدامات سامنے نہیں آئے۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم عالمی برادری کے لیے ایک بڑا امتحان ہیں۔ عالمی انسانی حقوق کے قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزیوں کے باوجود بھارت کو کوئی سزا نہیں دی گئی۔ پاکستانی عوام کا عالمی اداروں سے ہمیشہ مطالبہ رہا ہے کہ کشمیری عوام کو بنیادی انسانی حقوق جن میں آزادی سرفہرست ہے اور انصاف دلانے کے لیے سنجیدہ اقدامات کئے جائیں، تیز ترین ذرائع ابلاغ کی بدولت دنیا بھر کے انسان اقوام متحدہ اور عالمی انسانی حقوق کی علم بردار طاقتوں کے دہرے معیار کو باخوبی دیکھ، سن، سمجھ اور محسوس کر رہے ہیں، کشمیری عوام کے مال وجان، عزت وعصمت کا تحفظ اور رائے دہی کا حق دیئے بغیر مسئلہ کشمیر کا کوئی بھی حل بنیادی انسانی حقوق کے منافی ہوگا جسے پاکستانی عوام کسی بھی صورت قبول نہیں کر سکتے۔ وقت بہت تیزی سے بدل چکا ہے، مقبوضہ جموں و کشمیر میں کھلم کھلا بھارتی ظلم و جبر اور قتل و غارت پر دنیا نے اپنی خاموشی برقرار رکھی تو انسانی حقوق کی پاسداری کا عالمی تصور مزید کمزور ہو جائے گا!

؛؛جوڑوں کا درد اور اس کا علاج؛؛

تحریر: ماہم صابر

آج کل ہڈیوں کی بیماری عام ہو رہی ہے ہر دوسرا انسان جوڑوں کے درد کا شکار ہے، اس بیماری کو اوسٹیوارتھرائٹس بھی کہا جاتا ہے۔ اس حالت میں ہڈیوں کے سروں کی حفاظت کرنے والے کارٹیلج ٹوٹ جاتا ہے جسکے نتیجے میں ہڈیوں کی شکل میں تبدیلی آتی ہے تبدیلیاں عام طور پر آہستہ آہستہ ترقی کرتی نظر آتی ہیں لیکن کچھ ہی دیر میں بدتر ہو جاتی ہیں یہ زیادہ تر کولہوں، گھٹنوں اور ہاتھوں کو متاثر کرتا ہے اس کی کچھ علامات جن میں جوڑوں میں سختی محسوس ہوتی ہے شدید درد اور سوجن ہو سکتی ہے یا جوڑوں میں نرمی محسوس ہوتی ہے یہ بیماری بہت سی چیزوں کی وجہ سے ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ کوئی چوٹ لگ جائے یا سوزش کی بیماری رہتی ہو اس کے علاوہ جینز میں ہو اور سستی یا غیر فعالیت بھی بڑی وجہ ہے۔ بعض خطرے والے عوامل جوڑوں کو بڑھا سکتے ہیں جیسا کہ موٹاپا، عمر کا زیادہ ہونا، جوڑوں کا زیادہ استعمال کرنا شامل ہیں۔ اسکی روک تھام سے ہم اس بیماری کے امکانات کو کم کر سکتے ہیں جیسے کہ اپنے بلڈ پریشر کو کنٹرول کریں، صحت مند وزن رکھیں اگر آپ شوگر کے مریض ہیں تو روزانہ باقاعدگی سے چیک کروانا یقینی بنائیں بہت سی بیماریاں ایسی ہوتی ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ جنم لیتی ہیں لیکن آج کل بچوں میں بڑوں میں خواتین میں یہ پرابلم زیادہ بڑھتی جا رہی ہے گھٹنوں اور جوڑوں کے مرض میں مبتلا ہزاروں مریض دن رات اس تکلیف سے گزرتے ہیں موسم کی تبدیلی کے اثرات بھی اس پر اثر انداز ہوتے ہیں خاص طور پر سردیوں کا موسم ایسے افراد کے لیے بہت بڑا امتحان ہوتا ہے مردوں کی نسبت خواتین اس مرض کا زیادہ شکار ہوتی ہیں خاص طور پر بچے کی پیدائش کے بعد خواتین کو مہروں کا درد جوڑوں کا درد اور گھٹنوں کا درد جیسے مسائل کا سامنا عام خواتین کے مقابلے میں تھوڑا زیادہ ہو جاتا ہے جوڑ اپ کے جسم کے وہ حصے ہیں جہاں اپ کی ہڈیاں ملتی ہیں ان کا بروقت علاج از حد ضروری ہے کیونکہ انسان کی صحت ہی اس کا اصل سرمایہ ہے اس کی حفاظت آپکی اپنی ذمہ داری ہے۔ I D Insta۔ mahum-Dietition غذائی چارٹ لینے کیلئے اس آئی ڈی پر رابطہ کریں۔

خونی آئینہ



تحریر: سیدہ پلوشہ ساجد

اسے اندازہ نہیں تھا کہ وہ جنگل سے کیا اٹھا لائی ہے۔ جیسے ہی وہ گھر کے زینے میں داخل ہوئی ایک عجیب سے خوف نے اس کو آ گھیرا کہ اچانک ہی۔۔۔۔۔۔ ناقابل تلافی نقصان سے بہتر ہے کچھ راز راز ہی رہیں۔ روشنی اپنے گھر کی اکلوتی بیٹی تھی اسے تنہا رہنے کی عادت تھی اس کے فادر گورنمنٹ ملازم شہر میں جاب کرتے تھے اور والدہ گھریلو خاتون تھی وہ اپنے انٹر کے امتحانات دینے کے بعد ان دنوں فارغ ہوا کرتی تھی۔ ماں کے ساتھ گھر میں ہاتھ بٹانے کے بعد وہ جنگل میں ادھر ادھر نکل جایا کرتی تھی۔ زیادہ دور جانے کی اسے اجازت نہیں تھی۔ اسے پیڑ پودوں، پرندوں سے باتیں کرنا مرغوب مشغلہ تھا۔ اپنے فارغ اوقات میں وہ پرندوں کو دانہ ڈالتی اور ان سے باتیں کیا کرتی تھی۔ ان دنوں چونکہ اور کوئی اس کا مشغلہ نہیں تھا لہذا اسکا زیادہ وقت چمن بوا کیساتھ گزرتا۔ چمن بوا کو اس نے ہوش سنبھالتے ہی اپنے گھر میں دیکھا تھا۔ گویا کہ وہ چمن بوا کی گود میں پلی بڑھی۔ روشنی کو کہانی سننے کا بہت شوق تھا وہ اکثر چمن بوا سے کہانی سننے کی فرمائش کرتی۔ وہ آج پھر ضد کر رہی تھی۔ چمن بوا آج آپ سے کہانی سنی ہے۔ گھر کے کام کاج سے فراغت کے بعد چمن بوا نے کہا کہ روشنی آج میں تمہیں ایک سچی کہانی سناتی ہوں یہ واقعہ ہے جو میری نانی کے ساتھ پیش آیا۔ چنانچہ سارے کام نپٹا کر روشنی اور چمن بوا ایک ساتھ بیٹھ گئیں۔ چمن بوا کہنے لگی کہ یہ میرے بچپن کی بات ہے میری نانی جنگل میں جڑی بوٹی لینے جایا کرتی تھیں اور اسی سے ہمارے گاؤں کے لوگوں کا علاج ہوا کرتا تھا۔ شہر سے دور ہونے کی وجہ سے لوگ شہر بہت مشکل سے پہنچ پایا کرتے تھے لہذا ان کا علاج میری نانی جڑی بوٹیوں سے بنائی دوائی سے کرتیں۔ اللہ نے ان کے ہاتھ میں شفا بھی بہت رکھی تھی۔ ایک دن میری نانی کو جنگل میں جڑی بوٹیاں ڈھونڈتے ڈھونڈتے دیر ہو گئی اور اسی اثناء میں رات ہو گئی۔ نانی رات گزارنے کے لیے کسی چھت کی تلاش کرنے لگیں تاکہ وہ رات گزار سکیں۔ چونکہ گاؤں بہت دور تھا اور رات کے وقت جنگل میں اتنا سفر کرنا آسان نہیں تھا۔ نانی کو ایک جھونپڑی دکھائی دی۔ نانی نے اس چوپڑی کے دروازے پر دستک دی اور پوچھا کہ کوئی ہے جواب میں کسی کی آواز سنائی نہ دی۔ وہ جھونپڑی بالکل خالی تھی۔ تھوڑا سا دھکا دیا دروازے کو اور دروازہ کھل گیا۔ جھونپڑی میں پڑا سامان گرد و آلود سے اٹا پڑا تھا۔ تمام چیزیں اس بات کی گواہی دے رہی تھیں کہ اس گھر میں کافی عرصے سے کوئی نہیں رہ رہا۔ ٹوٹی کھڑکیاں اور پردوں پہ لگے جالے اس بات کی نشاندہی کر رہے تھے کہ یہاں پہ نہ تو کبھی کوئی جانور آیا اور نہ ہی کسی انسان کا بسیرا ہوا۔ اس کا یقین جب گیا تو پھر لوٹ کرنا آیا۔ میری نانی کو وہاں پر اور تو کوئی دلچسپ چیز معلوم نہ ہوئی۔ البتہ کسی چیز کے اوپر ایک پردہ پڑا ہوا تھا جس پر میری نانی کی نظر گئی میری نانی نے اس گرد آلود پردے کو جب ہٹایا تو اس کے پیچھے صاف شفاف انتہائی خوبصورت آئینہ نظر آیا۔ یہ آئینہ بہت قدیم لیکن انتہائی خوبصورت تھا کہ میری نانی اس کو وہاں سے لائے بغیر نہ رہ سکیں۔ لیکن اس آئینے کی بڑی عجیب بات تھی اس میں نانی کا عکس نظر نہیں آ رہا تھا۔ نانی نے اس بات کو نظر انداز کر کے آئینہ گھر لے آئیں۔ اور اپنے کمرے میں ایک کونے میں رکھ دیا۔ کچھ دنوں کے بعد میری نانی کی موت واقع ہو گئی۔ سارے گاؤں والوں کو خاندان سمیت نانی کی موت کا بہت دکھ تھا۔ کیونکہ نانی گاؤں کے لوگوں کی بہترین معالج جو تھیں۔ ہمارا خیال اس آئینے کی ط



قوت

SHOWBIZ

بچپن میں کئی بار تھپڑوں سے مارا گیا، اداکارہ راشا تھاڈانی



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ میں نئی نئی قدم رکھنے والی اداکارہ راشا تھاڈانی نے انکشاف کیا ہے کہ انھیں بچپن میں کئی بار تھپڑوں سے مارا گیا۔اس سال کے آغاز میں بالی ووڈ میں کئی نئے چہروں نے قدم رکھا ہے، جن میں ماضی کی سپر اسٹار روینہ ٹنڈن کی بیٹی راشا تھاڈانی بھی شامل ہیں۔ انھوں نے فلم آزاد سے ڈیبیو کیا، جو کوئی خاص کامیابی حاصل کرنے میں ناکام رہی، تاہم راشا کی اداکاری اور رقص نے ناظرین کی توجہ حاصل کی۔پہلی فلم ریلیز ہونے کے بعد ایک انٹرویو میں راشا نے اپنی والدہ روینہ ٹنڈن کے ساتھ بہترین تعلقات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وہ میری بہترین دوست ہیں اور بہت ہی کول ماں ہیں۔ 19 سالہ اداکارہ نے مزید بتایا کہ جب میں بچی تھی تو کئی بار تھپڑ بھی پڑ جاتے تھے۔ میں بچپن میں اپنے ناخن کترتی تھی تو والدہ ان پر ٹیپ لگا دیتی تھیں تاکہ میں ایسا نہ کر سکوں۔راشا تھاڈانی نے اپنی شرارتوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں بہت شیطان تھی، بہت زیادہ مستی کرتی تھی، ممی پاپا حیران ہو جاتے تھے۔اگر روینہ کہتی تھیں کہ یہ نہیں کرنا تو میں کہتی تھی اوکے ماما، مگر ٹھیک ایک منٹ بعد وہی کام کرتی تھی۔ان کے اس بے باک انکشاف نے مداحوں میں دلچسپی پیدا کر دی ہے اور ان کی باتوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی والدہ سے گہرا رشتہ رکھتی ہیں۔

حریم سہیل شادی کے بندھن میں بندھ گئیں، تصاویر، ویڈیوز وائرل



لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ حریم سہیل شادی کے بندھن میں بندھ گئیں جس کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں۔سینئر اداکارہ بینا چوہدری کے گھر شہنائیاں بج گئیں، اداکارہ نے اپنی بیٹی کو ڈولی بٹھا دیا، سوشل میڈیا پر رخصتی کی ویڈیو نے توجہ حاصل کر لی۔فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ حریم سہیل کے نکاح اور رخصتی کی ویڈیوز کی دھوم مچی ہوئی ہے۔اداکارہ نے اس سے قبل اچانک پیلے جوڑے میں اپنی مایوں کی تصاویر اور ویڈیوز شیئر کر کے سب کو حیران کر دیا تھا بعد ازاں انہوں نے اپنی مہندی کی تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کیں۔مہندی کی تقریب میں انہیں روایتی سبز خوبصورت لہنگا چولی میں دیکھا گیا، ان کے دیدہ زیب لہنگے نے صارفین کی توجہ حاصل کی جسے ڈیزائنر نے روایتی اور جدید فیشن کے انداز اپناتے ہوئے ڈیزائن کیا۔اب گزشتہ روز اداکارہ کا نکاح و رخصتی ہوئی ہے جس کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر رہی ہیں۔شادی کی مختلف تقریبات میں روایتی رنگوں کا انتخاب کرنے والی حریم سہیل نکاح کے موقع پر سفید رنگ کی پشواس میں نظر آئیں جس میں وہ غضب ڈھا رہی تھیں۔نکاح کے بعد ان کی رخصتی کی ویڈیو نے خاص توجہ حاصل کی جس میں انہیں رخصتی کے بعد گاڑی میں سوار ہو کر ہلا گلا کرتے دیکھا گیا۔یاد رہے کہ حریم سہیل نے اپنی والدہ کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اداکاری کی دنیا میں بہت کم وقت میں اپنے فن کا لوہا منوایا ہے۔

برطانوی راک بینڈ کا بھارت میں عالمی ریکارڈ، کنسرٹ میں 1 کروڑ سے زائد لوگوں کی شرکت



ممبئی (شوبز ڈیسک) برطانیہ کے راک بینڈ کولڈ پلے کے بھارت میں ہونے والے کنسرٹس میں ایک کروڑ تین لاکھ لوگوں نے شرکت کر کے عالمی ریکارڈ قائم کر دیا۔بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق کولڈ پلے کو بھارت میں حالیہ دورے کے دوران کنسرٹ میں سب سے زیادہ شرکا کی حاضری لگانے کا نیا اعزاز ملا جس کے بعد ٹیلر سوئفٹ کے کنسرٹ کا ریکارڈ ٹوٹ گیا۔برطانوی راک بینڈ کے کنسرٹس کے مجموعی طور پر 1 کروڑ 3 لاکھ ٹکٹس فروخت ہوئے اور اتنے ہی لوگوں نے میوزیکل پروگرام میں شرکت کی۔عالمی ریکارڈ کا اندراج کرنے والے ادارے گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کے مطابق اس سے قبل مارچ 2022 میں کوسٹاریکا میں ہونے والے کنسرٹ میں سب سے زیادہ لوگوں کی شرکت کا عالمی ریکارڈ قائم ہوا تھا۔کولڈ پلے کے بھارت میں ہونے والے دورے اور کنسرٹس کے بعد زبردست اضافہ دیکھنے میں آیا۔بینڈ نے نوی ممبئی میں DY پاٹل اسٹیڈیم میں 18، 19 اور 21 جنوری کو تین شوز کیے، جبکہ دوسرے مرحلے میں احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں 25 اور 26 جنوری کو دو شوز کیے۔ جن میں سے ہر ایک میں تقریباً ایک لاکھ 30 ہزار شائقین نے شرکت کی۔بینڈ نے بھارتی مداحوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا، شکریہ احمد آباد، شکریہ بھارت، ہم ان دو ہفتوں کو کبھی نہیں بھولیں گے۔ آپ کی محبت اور مہربانی ہمیشہ ہمارے دلوں میں رہے گی۔

مشہور کاروباری شخصیت اشنیر گروور کی بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے ساتھ لفظی جنگ شروع ہوگئی

ممبئی (شوبز ڈیسک) مشہور کاروباری شخصیت اشنیر گروور کی بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے ساتھ لفظی جنگ شروع ہوگئی۔کاروباری شخصیت اشنیر گروور بگ باس 18 میں بطور مہمان شریک ہوئے تھے جس کی میزبانی سلمان خان کرتے ہیں۔ان کا اور شو کے میزبان سلمان خان کا زبردست مکالمہ اس وقت ہوا جب سلمان نے ان کے سابقہ بیانات پر سوال اٹھائے اور یہ بھی کہا کہ وہ اشنیر کو نہیں جانتے۔اب اشنیر نے ایک تقریب کے دوران سلمان خان پر تنقید کرتے ہوئے کہا، فالتو کا پنگا لے کر اپنا کمپیشن کھڑا کیا۔ میں تو شانتی سے گیا تھا جب مجھے بلایا۔اب ڈرامہ کرنے کیلیے آپ کسی کو بول دو۔اشنیر کا کہنا تھا کہ آپ (سلمان) نے کہا، ارے میں تو ملا ہی نہیں۔



پیرس، فرانس۔ جنوری 30: (صرف ادارتی استعمال۔ غیر ادارتی استعمال کے لیے برائے مہربانی فیشن ہاؤس سے منظوری حاصل کریں) ماڈلز 30 جنوری کو پیرس فیشن ویک کے ایک حصے کے طور پر Maison Sara Chraibi Haute Couture Spring-Summer 2025 شو کے دوران رن وے پر چل رہی ہیں

ادکار عامر خان کی نئی محبت، ساتھی کو خاندان سے ملوا بھی دیا



عامر خان بنگلورو کی ایک خاتون کے ساتھ سنجیدہ رشتہ قائم کر چکے ہیں، بھارتی میڈیا

ممبئی (شوبز ڈیسک) معروف بالی وڈ اداکار عامر خان ایک بار پھر اپنی ذاتی زندگی کو لے کر سرخیوں میں ہیں۔بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق، عامر خان کو ایک نئی محبت مل گئی ہے اور وہ اپنی ساتھی کو اپنے خاندان سے بھی متعارف کرا چکے ہیں۔بتایا جا رہا ہے کہ عامر خان 59 سال کی عمر میں بنگلورو کی ایک خاتون کے ساتھ سنجیدہ رشتہ قائم کر چکے ہیں، تاہم اس خاتون کے بارے میں ابھی تک آفیشلی تفصیلات نہیں دی گئی ہیں۔عامر خان کی پہلی شادی 1986 میں ریناد تہ سے ہوئی تھی، جن سے طلاق کے بعد 2005 میں انہوں نے ہدایتکارہ کرن را سے شادی کی۔ تاہم، 2021 میں ان دونوں نے علیحدگی اختیار کر لی۔ان کی ذاتی زندگی میں اتار چڑھا کے باوجود، عامر خان کا کہنا ہے کہ وہ سچی محبت پر یقین رکھتے ہیں اور رومانوی فلموں کے مداح ہیں۔حال ہی میں، عامر خان نے اپنے بیٹے جنید خان کی فلم "لویاپا" کے ٹریلر لانچ کے دوران خود کو رومانٹک شخصیت کے طور پر بیان کیا۔ان کا کہنا تھا کہ وہ ایک بہت رومانٹک آدمی ہیں اور اپنی دونوں سابقہ بیویوں سے اس بارے میں پوچھا جا سکتا ہے۔

اردو زبان کے ممتاز ادیب انتظار حسین کو مداحوں سے بچھڑے 9 برس بیت گئے

ان کی شہرہ آفاق تصانیف میں بستی، آگے سمندر ہے، شہر افسوس، خالی پنجرہ اور گلی کوچے سرفہرست ہیں



لاہور (شوبز رپورٹر) اردو زبان کے ممتاز ادیب انتظار حسین کو مداحوں سے بچھڑے نو برس بیت گئے، انہوں نے ناول نگاری، افسانوں، شاعری اور غیر افسانوی تحریروں سے عالمگیر شہرت حاصل کی۔انتظار حسین 21 دسمبر 1925 کو دیبائی ضلع میرٹھ میں پیدا ہوئے، انہوں نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی، 1942 میں آرٹس کے مضامین کے ساتھ انٹرمیڈیٹ اور 1944 میں بی اے کیا، انتظار حسین نے میرٹھ کالج سے اردو میں ایم اے کیا اور اردو ادب میں ماسٹر کی ڈگری بھی حاصل کی۔تعلیم مکمل کرنے کے بعد انتظار حسین شعبہ صحافت سے منسلک ہو گئے، انہوں نے اپنی ذہانت کے بل بوتے پر افسانے کو نیا رنگ دیا اور کم و بیش 130 سے زائد کہانیاں، ڈرامے اور تراجم کے علاوہ بے شمار کالم لکھے۔ان کی شہرہ آفاق تصانیف میں بستی، آگے سمندر ہے، شہر افسوس، خالی پنجرہ اور گلی کوچے سرفہرست ہیں۔انتظار حسین کو ادبی خدمات پر ستارہ امتیاز، لاہور لٹریری فیسٹیول میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا، 2014 میں فرانس کی حکومت نے بھی اعلیٰ ترین سول ایوارڈ دیا۔ممتاز ادیب انتظار حسین 2 فروری 2016 کو مختصر علالت کے بعد لاہور میں انتقال کر گئے۔

کینسر کے زیادہ تر مریض ذہنی تناؤ کے سبب بیماری کا مقابلہ نہیں کر پاتے، فرح نادر



کراچی (شوبز رپورٹر) اداکارہ فرح نادر نے کہا ہے کہ کینسر کے زیادہ تر مریض ذہنی تناؤ کے سبب بیماری کا مقابلہ نہیں کر پاتے، بیماری بارے جاننے کے بعد اس کو خود پر حاوی نہیں ہونے دیا کوشش کی مثبت رہوں۔نجی ٹی وی پرگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اداکارہ فرح نادر نے انکشاف کیا ہے کہ تیسرے درجے کے کینسر کی تشخیص کے بعد بھی دورانِ علاج بستر پر آرام کرنے کے بجائے معمولاتِ زندگی جاری رکھے۔انہوں نے بتایا کہ بیماری کے بارے میں جاننے کے بعد اس کو خود پر حاوی نہیں ہونے دیا بلکہ کوشش کی کہ مثبت رہوں کیونکہ مثبت رہنے کے اثرات صحت پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔فرح نادر نے بتایا کہ کینسر کا ہر طرح کا علاج کروایا، آپریشن ہوا، کیموتھراپیز ہوئیں، ریڈی ایشنز کے سیشن ہوئے، مگر ہمت نہیں ہاری، اس کے ساتھ کام میں بھی ذہنی تناؤ کا شکار نہیں ہوئی۔اداکارہ نے کہا کہ کینسر کے زیادہ تر مریض ذہنی تناؤ کے سبب بیماری کا مقابلہ نہیں کر پاتے، ذہنی تناؤ سے دور رہنے کیلئے علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کا بھی سہارا لیا۔انہوں نے قرآنی اذکار کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ ہمارے جسم میں موجود خلیات اور اعضا پر قرآنی اذکار کا مثبت اثر ہوتا ہے، اس لئے آپ کوئی آیت یا سورۃ جیسے سور الرحمٰن یاد کر لیں اور اس کا ورد جاری رکھیں، اس سے بہت شفا ملتی ہے۔فرح نادر نے بتایا کہ میں نے اس کیساتھ ہم لائنصرون کا ورد کیا اور جسے بھی کینسر کا مرض ہے وہ علاج کیساتھ ساتھ اس کا ورد کر سکتا ہے، اس سے روحانی طور پر اندرونی طاقت ملتی ہے۔



لندن: اینابیل ٹیری 30 جنوری 2025 کو لندن، انگلینڈ میں ساؤتھ وارک پلے ہاؤس ایلیفینٹ میں "سائورہینڈز" کے لیے پارٹی کے بعد پریس نائٹ میں شرکت کر رہی ہیں

صرف کرن جوہر نہیں انڈسٹری میں ہر کوئی ایسا ہے، انکیتا لوکھنڈے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی اداکارہ انکیتا لوکھنڈے نے کرن جوہر پر طنزیہ جملے کا جواب دے دیا اور کہا کہ صرف وہی نہیں، انڈسٹری میں ہر کوئی ایسا ہے۔یوٹیوبر اور بگ باس او ٹی ٹی 2 کے فاتح الویش یادو سے انکیتا لوکھنڈے اور وکی جین نے پوڈ کاسٹ کے دوران بالی ووڈ میں گروپ ازم پر گفتگو کی۔اداکارہ نے فلم انڈسٹری میں جانبداری کے تاثر کی نفی کی تاہم اس بات کا اقرار کیا کہ کچھ لوگ ان ہی کے ساتھ کام کرنا پسند کرتے ہیں، جنہیں وہ پہلے سے جانتے ہیں۔اس دوران الویشن یادو نے طنزیہ انداز میں کرن جوہر کا نام لیا تو انکیتا لوکھنڈے نے فوراً جواب دیا کہ کرن جوہر ہی نہیں، ہر کوئی ایسا ہے، میرے خیال میں ہر کسی کا اپنا گروپ ہے۔وکی جین نے گفتگو کا حصہ بنتے ہوئے کہا کہ انڈسٹری میں لوگ ان ہی کے ساتھ کام کرتے ہیں، جنہیں وہ پہلے سے جانتے ہیں، یہی وجہ ہے، وہ باہر کے لوگوں کو موقع دینے سے گریز کرتے ہیں۔یاد رہے کہ 2023 میں انکیتا لوکھنڈے نے شوہر کے ہمراہ بگ باس کے سیزن 17 میں حصہ لیا تھا، وہ اس سے قبل کئی ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھا چکی ہیں۔



لندن: (L-R) Tricia Jones، Lauren Carson، Richard Mosoma، Candida Williams، Emma Gipson، Dionne Burne، Kai Jordan اور Cairns Luke، Terry Annabelle، O'Conno Ryan، Towning Grace، Adele-Turner میں شرکت کر رہے ہیں



لندن: میگ بیلامی 30 جنوری 2025 کو لندن، انگلینڈ میں ڈائر بیوٹی کی انسائیڈ لپ گلو پارٹی میں شریک کے موقع کا گروپ فوٹو

مریم نفیس کی گود بھرائی، تقریب میں دوستوں اور عزیز و اقارب کی شرکت

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ و ماڈل مریم نفیس کی گود بھرائی کی تقریب ہوئی جس میں ان کے دوستوں اور عزیز و اقارب نے شرکت کی، مریم نے تقریب کی تصاویر بھی شیئر کر دیں۔اداکارہ مریم نفیس جلد ننھے مہمان کو اپنی زندگی میں خوش آمدید کہنے والی ہیں، انہوں نے اپنے شوہر، اہلخانہ اور دوستوں کے ساتھ نئی تصاویر شیئر کی ہیں۔فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام اکاؤنٹ پر شیئر کی گئی تصاویر میں مریم نفیس اپنی والدہ کے ساتھ بھی نظر آ رہی ہیں اور اس موقع پر کافی خوش دکھائی دے رہی ہیں۔اپنے پیغام میں مریم نفیس نے کہا کہ یہ سب اور نا نوا پنے نواسے کی آمد کا جشن منا رہی ہیں جبکہ اداکارہ نے اپنے پیغام میں اپنی ٹیم کا شکریہ بھی ادا کیا ہے۔اداکارہ کی تصاویر پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف تبصروں کا سلسلہ بھی جاری ہے، بعض صارفین کا کہنا تھا کہ شرم و حیاء کی آخری حدیں بھی کراس ہو گئی ہیں۔مریم نفیس نے فلم ساز امان احمد سے اکتوبر 2022 میں شادی کی تھی۔



نئے اداکار باصلاحیت، سکرپٹ لکھنے والے اچھے نہیں ہیں، ثانیہ سعید

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا ہے کہ نئے اداکار باصلاحیت ہیں لیکن انہیں اچھے سکرپٹس نہیں مل رہے۔ثانیہ سعید نے حال ہی میں ایک ویب شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے انڈسٹری میں نئے آنے والے اداکاروں کے بارے میں بات کی۔انہوں نے بالخصوص ہانیہ عامر کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ہانیہ کے کام میں بہت زیادہ بہتری آئی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اپنے کام پر بہت زیادہ توجہ دیتی ہیں۔اداکارہ نے کہا کہ نئے آنے والے اداکاروں کے ساتھ ایک مسئلہ یہ ہے کہ انہیں مشکل کرداروں کی پیشکش نہیں کی جاتی بلکہ صرف ان کی شخصیت کا استحصال کیا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کل اداکاروں کو ان کی شخصیت دیکھ کر سکرپٹس دیئے جا رہے ہیں کہ یہ اس طرح کا انسان ہے تو یہ اس کردار کو آرام سے ادا کر سکتا ہے جبکہ ایسا نہیں ہونا چاہیے اس طرح اداکار کو اپنی اداکارانہ صلاحیتیں سامنے لانے کا موقع نہیں ملتا۔



روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح، گیب چوک، ایمن آبادی دروازہ، دال بازار، کچہری روڈ، جی ڈی اے پلازہ کا تفصیلی دورہ

شہریوں کو بھینسوں کا گوبر سیوریج لائنوں میں پھینکنے سے سختی سے اجتناب کی ہدایات جاری کیں



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا علی الصبح (گیب چوک، ایمن آبادی دروازہ، دال بازار، کچہری روڈ، جی ڈی اے پلازہ) کا تفصیلی دورہ ستھرا پنجاب صفائی آپریشن، حتجاوزات، گرین بیلٹس کی صفائی ستھرائی ومرمت کا جائزہ لیا، انہوں نے دوکانداروں اور شہریوں کو صفائی عملہ سے تعاون کی تلقین کی اور اندرون شہر دورہ کے دوران شہریوں کو بھینسوں کا گوبر سیوریج لائنوں میں پھینکنے سے سختی سے اجتناب کی ہدایات جاری کیں۔صفائی نظام کو خراب کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا اور جرم دہرانے والوں کو جیل بھیجا جائے گا۔شہر میں صفائی کے نظام کو موثر ترین بنانے اور حقیقی معنوں میں شہر کو زیرو ویسٹ بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات جاری۔صفائی سروسز کی بلاتعطل فراہمی، کڑی نگرانی اور وسائل کے درست استعمال کو یقینی بنانے کیلئے اسٹنٹ کمشنرز کو خصوصی ہدایات جاری کیں۔شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے سڑکوں پر حتجاوزات کے خاتمے، کوڑا کرکٹ کی روڈز پر ڈمپنگ روکنے کیلئے میونسپل کارپوریشن اور گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی حکام کو ہدایات جاری۔ڈپٹی کمشنر نے کھیالی بائپاس روڈ کا تفصیلی دورہ کرتے ہوئے کھیالی بائپاس فلائی اوور سے متصل روڈ کی تعمیر کا جائزہ لیا۔این ایچ اے حکام اور کنٹریکٹر کو روڈ کی تعمیر کا کام جلد مکمل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔کھیالی شاہ پور کے علاقے میں صفائی امور کا بھی جائزہ لیا اور گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، کنٹریکٹر کو صفائی نظام کی بہتری کیلئے اقدامات کرنے کی ہدایات جاری کیں ڈپٹی کمشنر نے حتجاوزات کے حوالے سے دوکانداروں، ریڑھی بانوں کو بلا کر تنبیہ کی کہ وہ روڈ سے فاصلے پر کھڑے ہوں اور اپنا روزانہ کا گرین و سالڈ ویسٹ صرف مخصوص کوڑا پوائنٹس (کوڑا دانوں) میں ڈالیں نہ کہ جگہ جگہ گندگی پھیلائیں۔

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد

ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 15408 کالز موصول ہوئی جس میں 4761 ایمرجنسی کالز تھیں



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا۔ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو 1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 15408 کالز موصول ہوئی جس میں 4761 ایمرجنسی کالز تھیں۔6058 غیر متعلقہ اور مس کالز، 3301 معلوماتی، 04 رونگ کالز اور 10 فیک کالز تھیں۔ایمرجنسی کال کا تناسب 154 کالز فی دن تھا۔4761 ایمرجنسیز میں 1022 روڈ ٹریفک حادثات، 3201 میڈیکل، 49 آگ لگنے کے واقعات، 89 کرائم اور 400 متفرق قسم کے حادثات شامل تھے۔روڈ ٹریفک حادثات میں 1162 افراد متاثر ہوئے جن میں 18 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان بحق ہوئے جبکہ 620 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی گئی اور 524 متاثرین کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال میں منتقل کیا گیا۔آگ لگنے کے 49 واقعات ہوئے جن میں 07 کمرشل ایریا، 15 رہائشی علاقے اور 27 دیگر ایریا پیش آئے۔آگ لگنے کی وجوہات میں شارٹ سرکٹ (15)، گیس لیکیج (03)، دیگر (12)، کچن فائر (02)، موم بتی (01) اور لاپرواہی (16) بنی۔ان واقعات میں بروقت ریسپانس کرتے ہوئے تقریباً 46 ملین سے زائد کی پراپرٹی کو محفوظ کیا گیا۔

ثپوت سیالکوٹ مجتبیٰ میر نے 2 باڈی بلڈنگ ٹائیٹلز جیت لئے

بزنس کمیونٹی کے بے تاج بادشاہ ریاض الدین شیخ نشان امتیاز کیجانب سے مبارکباد



گوجرانوالہ جیت لیا۔سیالکوٹ کے نوجوان بلڈر کی باڈی بلڈنگ کے دو ایونٹس میں کامیابی پر سپورٹس سٹی سیالکوٹ کے معروف بزنس کمیونٹی ٹائیکون ریاض الدین شیخ قائد اتحاد فاؤنڈرز گروپ نے مبارکباد دی واضح رہے کہ نیشنل بزنس کمیونٹی کے بے تاج بادشاہ ریاض الدین شیخ نشان امتیاز پاکستان نے کھیلوں میں قابل قدر خدمات پر کھلاڑیوں کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کی ہے۔قائد بزنس کمیونٹی خود بھی سیالکوٹ سے باڈی بلڈر چیمپئن رہے ہیں۔دوسری جانب مجتبیٰ میر کو ایک دن میں 2 ٹائٹلز مسٹر جونیئر مینز فزیک + مسٹر جونیئر گوجرانوالہ ڈویژن حاصل کرنے پر مختلف مکاتب فکر کے شہریوں کیجانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری۔

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ کے علاقہ فتح گڑھ سے تعلق رکھنے والے باڈی بلڈر مجتبیٰ میر نے ایک ہی دن میں مدمقابلوں کو پچھاڑ کر دو ٹائیٹلز مسٹر جونیئر مینز فزیک + مسٹر جونیئر

جشن ظہور حضرت امام حسین علیہ السلام وظہور حضرت غازی عباس علمدار علیہ السلام منعقد ہوا

علامہ سید اسد عباس ترمزی، زاکر اہلبیت اعجاز ساقی، سید قلب عباس گیلانی وسید علی حماد گیلانی نے فضائل امام حسین پیش کئے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امام بارگاہ قصر ابوطالب ومسجد خدیجتہ الکبریٰ (ع) جیٹھ پکے میں 3 شعبان المعظم 1446 ہجری، 2 فروری 2025 بروز اتوار کو سالانہ جشن ظہور حضرت امام حسین علیہ السلام وظہور حضرت غازی عباس علمدار علیہ السلام منعقد ہوا جس میں علامہ سید اسد عباس ترمزی، زاکر اہلبیت اعجاز ساقی، سید قلب عباس گیلانی وسید علی حماد گیلانی نے فضائل امام حسین علیہ السلام ومولا غازی عباس علمدار علیہ السلام بیان کیے کثیر تعداد میں مومنین نے شرکت کی اختتام پر شعیب علی جعفری نے نیاز امام حسین علیہ السلام تقسیم کی، اور کیک کاٹا گیا۔

حادثات کی روک تھام کیلئے ٹریفک پولیس کی مہم

ٹریفک آگاہی مہم کے دوران شہریوں کو حفاظتی تدابیر سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) حادثات کی روک تھام کیلئے ٹریفک پولیس کی مہم، ڈی ایس پی ٹریفک کی زیر نگرانی روڈ سیفٹی مہم کے تحت آگاہی کیمپ میں ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے شہریوں میں ہیلمٹ اور سائیڈ ویومرر تقسیم کئے تفصیلات کے مطابق حادثات کی روک تھام کیلئے ٹریفک پولیس کی مہم کا سلسلہ جاری ہے۔ڈی ایس پی ٹریفک کی زیر نگرانی اٹلس ہونڈا کے تعاون سے روڈ سیفٹی مہم کے تحت تھانہ صدر چوک میں آگاہی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے شہریوں میں ہیلمٹ، سائیڈ ویومرر اور پتنگ بازی کی ڈور سے بچاؤ کیلئے سیفٹی وائرز تقسیم کئے۔ٹریفک آگاہی مہم کے دوران شہریوں کو حفاظتی تدابیر سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں اور شہریوں کو ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کے حوالے سے آگاہی بھی دی گئی۔اس موقع پر ڈی پی او کا کہنا تھا کہ حادثات سے بچاؤ کیلئے ٹریفک قوانین کی پاسداری ضروری ہے۔ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی جان لیوا حادثات کا سبب بن سکتی ہے۔ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کے احکامات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے: محمد افضل منشاء

کشمیر میں بھارتی تسلط اور ظلم وستم پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چیئرمین مرکزی انجمن تاجران محمد افضل منشاء نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اقوام عالم اور بالخصوص امت مسلمہ کو کشمیر میں بھارتی تسلط اور ظلم وستم پر اپنا کردار ادا کرنا چاہئے کشمیری عوام کئی دہائیوں سے آزادی کی جنگ لڑ رہی ہے حق خودارادیت کشمیریوں کا حق ہے اقوام متحدہ کشمیریوں کی نسل کشی پر خاموش تماشائی ہے لیکن پاکستانی قوم ہمیشہ اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑی ہے اور کشمیر کی آزادی تک جدوجہد جاری رہے گی انہوں نے کہا کہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر دنیا کی خاموشی تشویش ناک اور قابل مذمت ہے کشمیر کا حل صرف اقوام متحدہ کی قرارداد کے مطابق کشمیریوں کی رائے لینے سے ہی ممکن ہے بھارت کو کشمیریوں کو اپنے مستقبل کے فیصلہ کرنے کا حق دینا چاہئے اسے مقبوضہ کشمیر میں بنیادی حقوق اور آزادیوں کو بحال کرنا چاہیے، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو روکنا چاہئے

کمر توڑ مہنگائی کے دور میں کسان بری طرح متاثر ہو رہے ہیں

کسانوں میں شدید بے چینی پیدا ہونے سے وہ احتجاج پر مجبور ہو رہے ہیں: رائے امداد حسین



حافظ آباد (رانا آصف) کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر امان اللہ چٹھہ نے کہا ہے کہ حکومت نے بجلی کھاد ادویات بیج کی کمر توڑ مہنگائی کے علاوہ حال ہی میں ڈیزل کی قیمت میں سات روپے لٹر سے زائد اضافہ کر کے کسانوں پر ایک ماہ میں تیسری دفعہ مہنگائی کا بم شیل گرایا ہے جس سے کسانوں میں شدید بے چینی پیدا ہونے سے وہ احتجاج پر مجبور ہو رہے ہیں۔وہ یہاں ضلعی دفتر میں ملک شوکت علی پھلروان کی زیر صدارت منعقد ہونے والے کسانوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔جس سے رائے امداد حسین اور سہیل احمد تارڑ نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے پچھلے سال گندم کی اہم فصل کی سرکاری خریداری ختم کر کے کسانوں کو بے پناہ نقصان پہنچا چکی ہے۔جس کی تلافی کے لئے بنیادی زرعی ضروریات کی قیمتوں میں ایک پیسہ کی رعایت دینے کو تیار نہیں ہوئی ہے۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ معقول امدادی قیمت پر سرکاری خریداری کا بلا تاخیر اعلان کرے۔

حضرت امام حسین علیہ اسلام کی ولادت باسعادت کے حوالے سے پریس کلب شرقپور شریف (رجسٹرڈ) میں کیک کاٹا گیا

شرقپور شریف (نامہ نگار) نواسہ رسول (صلی اللہ علیہ وآل وسلم)، حضرت امام حسین علیہ اسلام کی ولادت باسعادت کے حوالے سے پریس کلب شرقپور شریف (رجسٹرڈ) میں کیک کاٹا گیا۔تقریب میں صدر پریس کلب شرقپور راؤ مزمل، سیکرٹری جنرل قیوم خان، سینئر نائب صدر عامر مجید نوشاہی، سرپرست ملک جاوید اقبال، چیئرمین قربان علی شرقپوری سمیت دیگر عہدیداران و ممبران نے شرکت کی اور امام حسین علیہ السلام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ہماری صحافتی ذمہ داری بھی بنتی ہے کہ ظالم کے خلاف ڈٹ جائیں اور مظلوموں کی حمایت کریں



انجمن شہریاں کا ماہانہ اجلاس آصف سلطان بٹ کی زیر صدارت منعقد

شہر میں جاری سودی کاروبار کی مذمت کی گئی، جرائم میں کمی پر پولیس کو خراج تحسین



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) انجمن شہریاں نارنگ کا ماہانہ اجلاس زیر صدارت آصف سلطان بٹ منعقد ہوا جس میں شہر میں جاری سودی کاروبار کی مذمت کی گئی مقدس اوراق کی حفاظت کیلئے فوری اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا گیا صدر آصف سلطان بٹ کی شادی پر ممبران کی جانب سے مبارکباد دی گئی چیف آرگنائزر حافظ عون الباری سرپرست اعلیٰ سیٹھ سعید احمد فاروقی چیئرمین سپریم کونسل سردار نعیم رضا مان وائس چیئرمین چامر صدیق صدر آصف سلطان بٹ جنرل سیکرٹری فضل عباس حیدری اسلم کھوکھر پاسٹر منیر شاہد دلاور جان عمانویل شائق ملک زید اور دیگر نے شرکت کی اس موقع پر چیف آرگنائزر انجمن شہریاں حافظ عون الباری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سود اللہ تعالیٰ کے ساتھ جنگ ہے اس کے خلاف آواز اٹھانے کیلئے علماء کرام بہترین کردار ادا کر سکتے ہیں جمعۃ المبارک کو سود کے موضوعات پر خطابات ہونے چاہئیں پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں لائق تحسین ہیں جرائم میں کمی سے امن آئے گا ہم ڈرافٹنگ سے لیکر فوجداری، سول، ٹیکس، لیبر لاء اور دیگر تمام شعبہ جات میں رہنمائی فراہم کی جائے گی جس سے معاشرے میں فریش لاء گریجویٹس کو ایک اچھا اور بہترین وکیل بننے میں مدد فراہم کرنا اولین ترجیح ہے سید شفاعت گیلانی کا یہ کہنا تھا کہ پنجاب بار کونسل اور دیگر وکلاء اداروں کو چاہیئے کہ وہ ایسے پروگرامز اور ان کے آرگنائزرز کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے ایسے پروگرامز اور ورکشاپس کو مستقبل قریب میں باقاعدہ سے اپنے پروگرامز کا حصہ بنائیں۔

فریش لاء گریجویٹس کی فلاح وبہبود اولین ترجیح ہے: شفاعت گیلانی ایڈووکیٹ

پاکستان لائرز کمپنی اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے تعاون سے اپرنٹسز پروگرام شروع کر رہے ہیں

سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) صدر پاکستان لائرز کمپنی سید شفاعت اصغر گیلانی، محمد اویس، زین بھٹی، میاں تصور یوسف، اربل چوہدری، غلام عباس ایڈووکیٹس نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کی لائبریری میں میڈیا نمائندگان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فریش لاء گریجویٹس جو لاء گیٹ ٹیسٹ کلیئر کر چکے ہیں اور جنہوں نے ابھی کرنا ہے ان کی فلاح و بہبود اور بہترین سہولیات کیلئے پاکستان لائرز کمپنی اور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے تعاون سے اپرنٹسز پروگرام شروع کر رہے ہیں جس سے فریش لاء گریجویٹس کو جو ابتدائی ادوار کی مشکلات ہیں ان میں خاطر خواہ کمی کی جا سکے اور بہت سی ابتدائی مشکلات کا خاتمہ کرنا اولین ترجیح ہے اس سلسلہ میں دی آرٹ آف ایڈووکیٹس کے نام سے ورکشاپس کا بھی انعقاد کیا جائے گا جس کا دائرہ کار بعد ازاں دوسرے اضلاع اور سیالکوٹ کی چاروں تحصیلوں تک بڑھایا جائے گا جس میں سینئر وکلاء فریش لاء گریجویٹس کو رموز وکالت سمجھائیں گے اور ان کو ڈرافٹنگ سے لیکر فوجداری، سول، ٹیکس، لیبر لاء اور دیگر تمام

شہری پتنگ بازی کی اطلاع دیں فوری کاروائی کیجائیگی: ثمر عباس



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اولین فریضہ ہے۔ایس ایچ او تھانہ کوتوالی پتنگ بازی قابل تعزیر جرم اور قاتل ڈور نے ابتک کئیں معصوم شہریوں لیں ہیں۔حکومت پنجاب کی ہدایات کے عین مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کے حکم پر عمل پیرا علاقہ تھانہ کوتوالی میں پتنگ بازی کیخلاف آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔کسی بھی چھت یا گھر کی محلہ یا میدان سے پتنگ بازی ہوتی پولیس فوری قانونی کاروائی کرتے ہوئے گرفتاری و کائیٹ فلائنگ ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے ملزم کو پابند سلاسل کرینگے۔ان باتوں کا اظہار ایس ایچ او تھانہ کوتوالی سید ثمر عباس نے میڈیا نمائندگان کیساتھ گفتگو میں کیا۔

شاہ کالونی مرکز سعد بن ابی وقاص وجامع مسجد محمدی شیخوپورہ میں عالمی محفل حسن قرات کا انعقاد

تکمیل حفظ قرآن وتجوید القرآن کے فارغ التحصیل طلبہ میں اسناد اور انعامات تقسیم کئے گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے ضلعی نائب صدر و ٹکٹ ہولڈر پی پی 141 چوہدری طارق محمود بھٹہ نے کنٹری مینجر سیکورٹی پراجیکٹ ٹیلی نار پاکستان کی زیر سرپرستی شاہ کالونی مرکز سعد بن ابی وقاص وجامع مسجد محمدی شیخوپورہ میں عالمی محفل حسن قرات کا انعقاد کیا جس میں تکمیل حفظ قرآن وتجوید القرآن کے فارغ التحصیل طلبہ میں اسناد اور انعامات تقسیم کئے گئے تقریب میں مصر کے مایہ ناز قراء اکرام اور پاکستان کے مشہور خطباء وعلماء کرام سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر جنرل سیکرٹری پاکستان مرکزی مسلم لیگ شیخوپورہ حافظ میاں حبیب الرحمن، جنرل سیکرٹری پاکستان مرکزی مسلم لیگ سٹی حافظ انعام اللہ اور قاری بلال الٰہی کی تقریب کے انعقاد کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا

ساہیوال پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کی ڈائریکٹر انفارمیشن آفس آمد

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا اے) ساہیوال پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران کی ڈائریکٹر انفارمیشن آفس آمد، ڈائریکٹر انفارمیشن محمد عقیل اشفاق نے نومنتخب عہدیداران کو کامیابی پر مبارکباد دی، عوام کے مسائل اجاگر کرنے میں ساہیوال پریس کلب کے ممبران نے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا جو لائق تحسین ہے۔صحافیوں کو درپیش مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے۔ڈائریکٹر انفارمیشن۔تفصیلات کے مطابق ساہیوال پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران نے ڈائریکٹر انفارمیشن محمد عقیل اشفاق سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔وفد میں سینئر نائب صدر سید مطراق شاہ محاسن شاہی، نائب صدر میاں وسیم ریاض، جنرل سیکرٹری نوید غنی، جائنٹ سیکرٹری میاں محمد رمضان، فنانس سیکرٹری راؤ محمد عتیق اور انفارمیشن سیکرٹری محمد ارشد فریدی شامل تھے۔

CRIME & COURT

جرم وسزا

گھٹو شوہر نے حاملہ بیوی کو تشدد سے لہولہان کر دیا

عورت کی چیخ وپکار سن کر اہل محلہ موقع پر پہنچ کر خاتون کو مزید وحشیانہ ظلم وستم سے بچا لیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/قوت بیورو) بچوں کیلئے دودھ اور گھر کا خرچہ مانگنے پر نکھٹو شوہر نے حاملہ بیوی کو تشدد سے لہولہان کر دیا۔تفصیل کے مطابق بچوں کیلئے دودھ اور گھر کا خرچہ مانگنا بیوی کا جرم بن گیا۔نکھٹو ظالم شوہر نے اپنی حاملہ بیوی کو وحشیانہ تشدد کر کے لہولہان کر دیا۔عورت کی چیخ وپکار سن کر اہل محلہ موقع پر پہنچ کر خاتون کو مزید وحشیانہ ظلم وستم سے بچا لیا۔واقعات کے مطابق اٹاوہ ریلوے لائن نزد پام سٹی کے علاقہ میں رہائش پذیر مون حسین ولد شوکت ہنجرا نے (م) نامی خاتون سے شادی کر رکھی ہے ان کی دو چھوٹی بیٹیاں ہیں۔مون نامی شخص نشہ کا عادی ہے اور بیروزگاری کی وجہ سے غربت کا شکار ہے۔آئے روز بیوی سے لڑائی جھگڑا اور تشدد کرنا معمول بنا رکھا ہے۔گذشتہ روز بھی اس کی بیوی نے بچوں کیلئے دودھ اور کھانے پینے کیلئے کچھ لانے کیلئے خرچہ مانگا جس پر اس کا خاوند آگ بگولا ہو کر اپنی بیوی کو تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے لہولہان کر دیا آئے روز اپنی بیوی پر تشدد کرنا معمول بنا رکھا ہے بلکہ اپنے بہن' بھائیوں سے ملنے پر بھی پابندی لگا رکھی ہے جس پر تنگ آ کر متاثرہ خاتون نے علاقہ پولیس کو درخواست دیدی ہے کہ اسے خاوند کے ظلم و جبر اور تشدد سے بچایا جائے۔

نارنگ پولیس کی دبنگ کارروائی چند دنوں میں 30 کلو سے زائد منشیات برآمد

آپریشن وفاقی سکیورٹی ادارے کی نشاندہی پر کیا گیا، شہریوں کا خراج تحسین ڈی پی او کی شاباش

بین الاضلاعی ملزمان عادی منشیات فروش ہیں سب سے معزز شہریوں کا تحفظ عزیز ہے، ایس ایچ او ظہیر عالم شاہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت کے ماتحت کام کرنے والے سیکیورٹی ادارے کی نشاندہی پر نارنگ پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا چند دنوں میں 30 کلو سے زائد ہیروئن چرس آئس برآمد کر کے ایک درجن سے زائد ملزمان گرفتار کر لئے اہل علاقہ کا خراج تحسین تفصیل کے مطابق وفاقی سیکیورٹی ادارے کی نشاندہی ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی زیر نگرانی تھانہ نارنگ پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف مسلسل آپریشن جاری ہے تھانہ نارنگ پولیس نے وفاقی سیکیورٹی ادارے کی نشاندہی پر کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چند دنوں میں ایک درجن سے زائد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 30 کلو گرام سے زائد چرس ہیروئن آئس برآمد کر لی ہے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ نارنگ انسپکٹر مبشر ظہیر عالم شاہ کا کہنا تھا کہ بین الاضلاعی ملزمان عادی منشیات فروش ہیں جن پر متعدد مقدمات درج ہیں معاشرے کی تباہی کے ذمہ دار ہیں ان سے رعایت کسی صورت ممکن نہیں چند روز میں منشیات فروشوں کے خلاف متعدد کارروائیاں کرتے ہوئے 30 کلو سے زائد چرس ہیروئن آئس اور چار سو لیٹر سے زائد شراب برآمد کی گئی ہے منشیات فروشوں کا خاتمہ میری اولین ترجیح ہے منشیات فروش اور میں ایک ساتھ نہیں رہ سکتے جب تک میں ایس ایچ او تھانہ نارنگ ہوں نوجوان نسل اور منشیات فروشوں کے درمیان سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوں گا سماجی فلاحی تنظیمیں معززین علاقہ شہری میدان عمل میں آئیں تاکہ ان کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

اکاؤنٹ آفس شیخوپورہ میں مبینہ کرپشن اور رشوت کا بازار گرم

سائل سے رشوت کی ڈیمانڈ نہ دینے پر فائل غائب کرنے کی دھمکی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) اکاؤنٹ آفس شیخوپورہ میں مبینہ کرپشن اور رشوت کا بازار گرم عملہ مٹھی گرم پالیسی پر سختی سے عمل پیرا نارنگ کا رہائشی سائل ذوالقرنین پینشن کے مسئلے کیلئے اے جی آفس گیا تو کلرک سکندر شہزاد نے مسئلے کے حل کیلئے مبینہ طور پر رشوت لی کام ہو جانے کے بعد مزید ایک ہزار روپے کا مطالبہ کیا کہ ایک ہزار روپے مزید جاز کیش کرو ورنہ آپ کی فائل غائب کر دی جائے گی سائلین کا کہنا ہے کہ رشوت نہ دینے پر فائل غائب کرنے اور بار بار چکر لگوانے کی دھمکی دی جا رہی ہے کلرک بعد وٹس اپ پر بھی میسجز کیے جا رہے ہیں کہ آپ کی فائل روک اور غائب کر دی جائے گی محکمے میں بیٹھے رشوت خور اور کرپٹ ملازمین کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے کالی بھیڑوں کیلئے کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے جو لوگوں کی مجبوریوں کا فائدہ اٹھا کر رشوت مانگتے اور انہیں بلیک میل کرتے ہیں۔

قصور اور اس کے نواح سٹی چونیاں میں جماعت اسلامی کا مہنگائی اور مہنگی بجلی کے خلاف پرامن احتجاج

قصور (بیورو چیف) قصور اور اس کے نواح سٹی چونیاں میں جماعت اسلامی کا مہنگائی اور مہنگی بجلی کے خلاف پرامن احتجاج شرکاء نے آئے روز بجلی کی قیمتوں اضافے کے خلاف احتجاج کیا ان کے کہنا تھا کہ موجودہ حکومت غربت سے پستی ہوئی عوام کے بارے میں بھی کو ئی پلان بنائے جس سے عام آدمی کی زندگی آسان بنائی جا سکے قصور اور اس کے نواح میں جماعت اسلامی کے کارکنان کا مہنگائی اور بجلی کی قیمتوں آئے روز اضافے کے خلاف احتجاج کیا قصور میں زیر قیادت احمر صدیقی امیر سٹی قصور جماعت اسلامی ہمراہ 13/14 کارکنان کے بلدیہ چوک کے مقام پر مہنگائی کیخلاف کیا، جبکہ حافظ نذیر احمد ایڈووکیٹ امیر جماعت اسلامی تحصیل چونیاں 10/12 کس کے ہمراہ مہنگی بجلی کے خلاف واپڈا آفس چونیاں کے سامنے پرامن احتجاج کیا

خواتین صحافیوں کو ہراساں کرنا استحصالی سوچ کی عکاس ہے: افتخار احمد بٹ

وزیر آباد (نامہ نگار) خواتین صحافیوں کو ہراساں کرنا استحصالی سوچ کی عکاس ہے۔مادی سوچ کے حامل عناصر معاشرے کے ناسور ہیں۔متاثرہ خواتین صحافیوں کو انصاف دلانے کیلئے جرات مندانہ اقدام کی ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار سینئر راؤ محمد رمضان کی دوکان میں ہوئی، جہاں نامعلوم چور نقب لگا کر انڈرائنڈ موبائل اور کچھ قیمتی سامان جس کی مالیت تقریباً ایک لاکھ روپے بنتی ہے چرا کر فرار ہو گئے۔واردات کے بعد تھانہ چکبیدی پولیس اور کرائم سین کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کر دیا ہے، لیکن متاثرہ دکاندار اور تاجروں کا کہنا ہے کہ پولیس تاحال چوری کے ملزمان کو گرفتار کرنے میں ناکام رہی ہے۔سکندر چوک کی تاجر برادری نے پولیس کی ناقص کارکردگی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔تاجروں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

تھانہ چک بیدی کی حدود میں چوری کی وارداتوں کا نہ تھمنے والا سلسلہ، تاجر برادری کا احتجاج

حالیہ واردات سکندر چوک محمد موبائل سینٹر راؤ محمد رمضان کی دوکان میں ہوئی

پاکپتن (عمران جنجوعہ، قوت) پاکپتن تھانہ چکبیدی کی حدود میں چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا ہے۔حالیہ واردات سکندر چوک محمد موبائل سینٹر راؤ محمد رمضان کی دوکان میں ہوئی، جہاں نامعلوم چور نقب لگا کر انڈرائنڈ موبائل اور کچھ قیمتی سامان جس کی مالیت تقریباً ایک لاکھ روپے بنتی ہے چرا کر فرار ہو گئے۔واردات کے بعد تھانہ چکبیدی پولیس اور کرائم سین کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر تفتیش

تھانہ نور شاہ کے علاقے میں مویشی چور گروہ بے لگام

مویشی چور گروہ بے لگام مویشی چور گروہ کسانوں کی پوری زندگی کی جمع پونجی چوری کرنے لگے

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) تھانہ نور شاہ کے علاقے میں مویشی چور گروہ بے لگام مویشی چور گروہ کسانوں کی پوری زندگی کی جمع پونجی چوری کرنے لگے پولیس تھانہ نور شاہ نیند خرگوش کے مزے میں خاموش تماشائی اور مویشی چور گروہ پکڑنے میں ناکام علاقہ بھر کے کسانوں کا آر پی او ساہیوال سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نور شاہ کے علاقے میں کسانوں کے کروڑوں روپے کے مویشی چوری ہونا معمول بن گیا چک 52 اے جی ڈی میں زمیندار محمد جاوید کے ڈیرہ مویشیاں سے مویشی چور دس لاکھ روپے مالیت کی گائے اور جھوٹی چوری کر کے لے گئے۔جس کی وجہ سے علاقہ بھر کے کسانوں میں خوف وحراس زمیندار محمد جاوید کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید اور ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ نور شاہ کے علاقے میں بے لگام مویشی چور گروہ کو لگام ڈالنے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

نارنگ کا رہائشی ساجد رؤف نارووال میں قتل: نماز جنازہ ادا

نارنگ منڈی میں تدفین کی گئی، مقتول الیکشن کمیشن میں ڈرائیور تھا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی کا رہائشی ساجد رؤف بٹ نارووال میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے جاں بحق نماز جنازہ ادا اسٹیڈیم گراؤنڈ میں ہوئی جنازہ میں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا شہر کی فضا سوگوار گزشتہ روز نارنگ کا رہائشی ساجد بٹ جو کہ الیکشن کمیشن آف نارووال بطور ڈرائیور ڈیوٹی دیتا تھا سڑک پر کھڑا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ کرتے ہوئے موت کے گھاٹ اتار دیا تھا مقتول کی نعش نارنگ منڈی پہنچنے پر شہر کی فضاء سوگوار نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد نارنگ منڈی میں سپرد خاک کر دیا گیا قتل کی وجہ تاحال سامنے نہیں آسکی پولیس مصروف تفتیش ہے۔

سوڑی گلی

”قوت“ کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت لاہور

تمام اشتہارات نیٹ بیجی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

WhatsApp 042-3636003

عاق نامہ

میں اپنی دختر مسمات حلیمہ کو بوجہ بار بار ملنی چال چلن اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اس سے لین دین رکھنے والا خود ذمہ دار ہوگا میں اخبار وقت اور میری دختر آسیہ میری وراثت کی حقدار ہوگی۔ المشہر مظہر حسین ولد احمد خان ذات بلوچ سکنہ ٹبہ گڑیا حیات دائمی پر انا بکھیل بھکوال ضلع سرگودھا

گمشدگی کا غذات

میری HONDA70 موٹر سائیکل رنگ سلور انجن نمبر HA797457 اور چیسی نمبر E5779747 اور بکس نمبر 2 اور رجسٹریشن لیٹر دوران سفر کہیں گم ہوگیا ہے۔ ملنے پر انعام۔

المشہر: بکر۔

المشہر: غلام رسول ولد ملوں تحصیل بھلوال ضلع قصور

بقیہ جات 1

بقیہ جات

بقیہ جات

بقیہ جات

اعلان حج معالجے کی بنیادی اور معیاری سہولت کیلئے شہری کا بنیادی حق ہے: ضیاالدین انصاری

الخدمت فاؤنڈیشن بے سہارا اور دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل ہے، پنجاب سوسائٹی میں مریضوں کو مفت ادویات فراہم کرنے کے لیے ایک مکمل ڈسپنسری قائم کی ہے

الخدمت ڈسپنسری میں شہریوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے جدید سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن کا الخدمت ڈسپنسری کا افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ علاج معالجے کی بنیادی اور معیاری سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن بے سہارا اور دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ پنجاب سوسائٹی میں مریضوں کو مفت ادویات فراہم کرنے کے لیے ایک طبی ڈسپنسری قائم کی گئی ہے جو الخدمت کا خدمت خلق کیلئے ایک اور سنگ میل ہے۔ الخدمت ڈسپنسری میں شہریوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے جدید سہولیات سے آراستہ کیا گیا ہے۔ خواتین اور مرد مریضوں کی سہولت کے لیے باہر ڈاکٹروں کی خدمات دستیاب ہوں گی۔ ان خیالات کا



لاہور (سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ پنجاب سوسائٹی فیز 2 میں الخدمت ڈسپنسری کا افتتاح کر رہے ہیں

کیا ملک کے مسائل حل ہو گئے؟ جو پارلیمنٹیرینز کی تنخواہ بڑھانے کی سابق وزیر خزانہ

آئندہ الیکشن میں بتادیں گے کہ ہماری پارٹی کتنی بڑی ہے، پاکستان کے خاطر پی ٹی آئی اور ن لیگ کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں، مفتاح اسماعیل

ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہ 300 فیصد تک بڑھانے کی تجویز کی انتہا ہے، جو ایم این اے منتخب ہو کر آتے ہیں وہ صاحب ثروت ہوتے ہیں

کراچی (این این آئی) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے سوال کیا ہے کہ کیا ملک کے سارے مسائل حل ہو گئے؟ جو پارلیمنٹیرینز کی تنخواہ بڑھادی، یہ بھی انتہا ہے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ ارکان پارلیمنٹ کی تنخواہ 300 فیصد تک بڑھانا بے حسی کی انتہا ہے، جو ایم این اے منتخب ہوکر آتے ہیں وہ صاحب ثروت ہوتے ہیں، 10 کروڑ 150 لاکھ کی غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ مفتاح اسماعیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

فیصل آباد جی سکول کی سنگدل ٹیچر کا سبق یاد نہ کرنے پر 13 سالہ طالب علم پر وحشیانہ تشدد

کوآئد (این این آئی) فیصل آباد نواحی علاقہ ڈاؤن کے علاقہ جی جی سکول کی سنگدل ٹیچر کا سبق یاد نہ کرنے پر 13 سالہ طالب علم پر وحشیانہ تشدد سامنے آیا ہے، پولیس نے متاثرہ بچے کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے سکول ٹیچر ماریہ گرفتار کر کے ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ بچے کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے سکول ٹیچر ماریہ کو